© rasailojaraid.com



# روداد اجتماع دارالاسلام

حسبِ اعلان ۲۶، ۲۷ مارچ کو دارالاسلام (متصل پٹھان کوٹ) میں ارکانِ جماعتِ اسلامی (پنجاب، سندھ، سرحد، کشمیر و بلوچستان) کا اجتماع ہوا جس میں مرکز کی منظوری سے بعض ہمدردانِ جماعت بھی شریک ہوئے۔ یو۔پی اور بہار سے جناب مولانا امین احسن صاحب اصلاحی (سرائے میر، ضلع اعظم گڑھ) اور جناب سید محمد حسنین صاحب (لہریا سرائے، دربھنگہ) بھی تشریف لے آئے تھے۔ تعداد حاضرین قریباً ۱۵۰ تھی۔

۲۶ مارچ کو ۹ بجے صبح سے ۱۲ بجے دوپہر تک اور پھر نماز ظہر سے نماز عصر تک مختلف مقامات سے آنے والے گروہوں نے جنابِ امیر کے سامنے کھلی ملاقاتوں میں مقامی حالات پیش کیے، اپنی اپنی کارگزاریوں کا مختصر تذکرہ کیا، اپنی مشکلات بیان کیں اور ضروری امور میں مشورے حاصل کیے۔ اسی دوران میں چند اصحاب نے اپنے آپ کو رکنیتِ جماعت کے لیے پیش کیا۔ اس پر جنابِ امیر نے چند اہم نکات بیان فرمائے جنھیں تسلسل کے ساتھ یہاں درج کیا جاتا ہے:۔

"ہمارے ہاں جماعت کی شرکت میں تو کوئی دشواری نہیں ہے مگر شرکتِ جماعت سے ذمہ داریوں کا جو بارِ گراں اٹھانا پڑتا ہے اس کے وزن کو، آگے بڑھنے سے پہلے محسوس کر لینا چاہیے۔ رکنیت کی ذمہ داریوں کا صحیح صحیح اندازہ کیے بغیر جو لوگ ہماری طرف بڑھ آتے ہیں وہ نصب العین میں متحد ہونے کے باوجود زیادہ دیر تک ہمارا ساتھ نہیں دے سکتے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ابتداءً طریقِ کار کے اختلاف پر گہری نظر نہیں ہوتی لیکن جوں جوں وقت گزرتا ہے یہ اختلاف ابھرنے لگتا ہے اور لوگ اپنے اپنے پسندیدہ طریقِ کار کی محبت کے جوش میں آکر نظمِ جماعت کی خلاف ورزی کر بیٹھتے ہیں اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بسا اوقات نصب العین تک سے غافل ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ حضرات نے بہت اچھی طرح سے ہمارے طریقِ کار کو سمجھ لیا ہو اور اس کے ساتھ دوسرے طریقہائے کار اور ہمارے طریقِ کار کا فرق ذہن نشین ہو گیا ہو، نیز آپ برضا و رغبت دوسرے طریقوں کو چھوڑ کر ہمارا طریقۂ کار اختیار کرنے پر آمادہ ہوں تو آئیے بسم اللہ! ورنہ جلدی نہ کیجیے۔ ہمارے لٹریچر کا بغور مطالعہ کرتے رہیے اور ہمارے کام کو کچھ عرصہ دیکھ کر آخری رائے قائم کیجیے۔

الحمد للہ کہ مسلمانوں میں ابھی تک صحیح العقیدہ لوگوں کی ایک خاصی تعداد پائی جاتی ہے۔ ان لوگوں کے پاس حق موجود ہے مگر فرق بس اتنا ہے کہ عموماً مختلف گروہ کسی جزء حق کو لے کر چل رہے ہیں، بخلاف اس کے ہم پورے حق کو لے کر چلنا چاہتے ہیں۔ آپ حضرات کے ساتھ پہلے جو جزء حق تھا وہ بدستور ساتھ رہے گا، مگر اس پر اکتفا نہ کیجیے، اب آپ کو دوسرے اجزائے حق بھی اس کے ساتھ شامل کر لینے ہیں"۔

اس کے بعد ایک موقع پر طریقِ تبلیغ کا مسئلہ زیر بحث آیا۔ اس سلسلہ میں جناب امیر نے مجملاً یوں اظہارِ خیال کیا:۔

"جہاں تک تبلیغ مسلک کا تعلق ہے عام طور پر مسلمانوں کی جماعتیں تشدد سے کام لیتی ہیں اور تندیِ جذبات اور مناظرانہ داؤ پیچ اور تیزیِ زبان کے مظاہرہ سے لوگوں کو اپنے اندر جذب کرتی ہیں۔ لیکن ہمارے مسلک کی تبلیغ کے لیے یہ طریقہ مناسب نہیں ہے۔ اس معاملہ میں بے حد صبر سے کام لینے کی ضرورت ہے۔ یہ تحریری و تقریری مناظرے اور بحثیں جو عام طور پر مروّج ہیں ان میں مبلغ غیر محسوس طور پر غضب للنفس میں مبتلا ہو جاتا ہے اور محسوس تک نہیں کرتا کہ میں خود اپنے محبوب نصب العین کی جڑوں پر کلہاڑا رکھ رہا ہوں۔ بخلاف اس کے ہمیں ایک ڈاکٹر کی طرح کام کرنا ہے جو آخر دم تک کوشش کرتا ہے کہ بیمار عضو تندرست ہو جائے۔ اور اگر اسے کاٹنے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جسم سے الگ کرتا ہے تو اس وقت جبکہ وہ دوسری تمام تدابیر کو آزما چکنے کے بعد اس کی علاج پذیری سے مایوس ہو جاتا ہے۔ یہاں یہ حال ہے کہ ہمارے ڈاکٹر سب سے پہلے بیمار عضو کو کاٹ پھینکنے پر تیار ہو جاتے ہیں۔

یاد رکھیے کہ یہ عوام کا جو انبوہ آپ کے گرد پھیلا ہوا ہے ان میں سے جو جو لوگ کفر، شرک یا فسق کے مریض ہیں، ان کا علاج غصہ اور تلخی سے کرنے کے بجائے صبر اور ہمدردی سے کرنا ہے۔ ان بیمار اعضاء کو معاً کاٹ کر نہیں پھینک دینا ہے بلکہ ان پر تمام دوسری بہتر تدابیر کو آزمانا ہے۔ عوام کی معذوری کا اندازہ اس سے کیجیے کہ ان لوگوں میں بہت سے مشرکانہ عقائد اور رسوم خود مذہبیت ہی کے مقدس دروازہ سے داخل ہوئے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی اصلاح کا مسئلہ بہت پیچیدہ ہو گیا ہے اور اس مہم کو صبر و تحمل ہی سے سر کیا جا سکتا ہے۔ عرب میں بھی یہی حالات تھے اور وہاں بھی ٹھنڈے طریقوں سے تبلیغ کا کام کیا گیا۔

**پہلی باقاعدہ نشست** - پروگرام کے مطابق پہلی نشست اسی روز نماز مغرب سے لے کر نماز عشا سے کچھ پہلے تک جاری رہی۔ اس نشست میں جناب امیر نے اپنی تقریر میں جماعت کے کام اور اس سے متعلق ضروری مسائل پر مفصل تبصرہ کیا۔ یہ تبصرہ بلا کم و کاست تھا۔ اس کا مقصد نہ تو مخالفین کو مرعوب کرنا تھا اور نہ رفقاء کے جذبات کو برانگیختہ کرنا مدنظر تھا۔ بلکہ اس تقریر سے جماعت کو اس کے کمزور پہلوؤں پر متوجہ کیا گیا تاکہ لوگ ان کی اصلاح کی فکر کریں۔ تقریر ذیل میں درج کی جاتی ہے:-

## امیر جماعت کی تقریر

خطبۂ مسنونہ کے بعد:

حضرات! جیسا کہ آپ نے خود بھی اندازہ کیا ہو گا، ہمارے اجتماع کی نوعیت "اصطلاحی" جلسوں"

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے بالکل مختلف ہے۔ جلسوں اور کانفرنسوں میں زیادہ تر تقریریں ہوتی ہیں، جلوس نکلتے ہیں، نعرے بلند کئے جاتے ہیں۔ لیکن اس نوعیت کی کوئی چیز یہاں نہ ہوئی نہ کبھی ہوگی۔ ہمارے ان اجتماعات کے انعقاد کی اصل غرض ہنگامہ آرائی نہیں ہے اور نہ توجہاتِ عوام کو اپنی طرف کھینچنا مقصود ہے بلکہ غرض صرف یہ ہے کہ ہم ایک دوسرے سے واقف ہوں، باہم قریب تر ہو جائیں، آپس میں تعاون کی سبیلیں نکالیں، صاحب امر آپ سے اور آپ صاحب امر سے شخصاً واقف ہوں اور اسے آپ کی قوتوں اور صلاحیتوں کا ٹھیک اندازہ ہو تاکہ وہ آپ سے منظم کام لینے کی کوشش کرے، وقتاً فوقتاً ہم اپنا اور اپنے کام کا جائزہ لیتے رہیں، اپنی خامیوں اور کوتاہیوں کو سمجھیں اور انہیں دور کرنے کی فکر کریں اور باہمی مشوروں سے اپنے کام کو آگے بڑھانے کی تدبیریں سوچیں۔ غرض ہمارے یہ اجتماعات اپنے اندر عملی روح رکھتے ہیں، ان میں جلسوں کی نوعیت کی کوئی چیز نہ آپ پا سکتے ہیں نہ آپ کو اسے پانے کی خواہش کرنی چاہیے۔ اگر ابھی تک جلسہ بازی کی پرانی عادتوں کا کچھ اثر آپ میں موجود ہو اور ان چیزوں کی کوئی تشنگی آپ اپنے اندر پاتے ہوں تو اسے بھی نکالنے کی کوشش کیجئے۔ ان ہنگاموں میں فی الواقع کچھ نہیں رکھا ہے۔ فضول کاموں میں ذرہ برابر وقت ضائع نہ کیجئے۔ بس کام کی بات کیجئے اور پھر اپنا فرض ادا کرنے میں لگ جائیے۔ آج صبح سے میں مختلف مقامات کی جماعتوں اور اشخاص کے ساتھ تبادلۂ خیال کرتا رہا ہوں۔ میں نے محسوس کیا ہے کہ کبھی کبھی غیر ضروری باتیں کرنے کی خواہش لوگوں میں عود کر آتی ہے اور بسا اوقات بیان مطابقِ حقیقت نہیں رہتا۔ یہ ایک کمزوری ہے جسے دور کرنا چاہیے۔ اس میں شک نہیں کہ جو عادتیں مدت دراز سے جڑ پکڑے ہوئے ہیں وہ چھوٹتے چھوٹتے ہی چھوٹیں گی مگر انہیں چھوڑنے کی طرف آپ کی توجہ ادرسعی ضروری ہے۔

اب تک مختلف مقامات پر جا کر جو کچھ میں نے دیکھا اور باہر کی اطلاعات سے جو اندازہ لگایا اور آج آپ حضرات سے فرداً فرداً و مجتمعاً تبادلۂ خیال کر کے جو معلومات حاصل کیں ان کی بنا پر میں سمجھتا ہوں کہ ہماری انتہائی احتیاط کے باوجود ایک اچھی خاصی جماعت ہمارے نظام میں ایسی داخل ہوگئی ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جسے فی الواقع اس کام سے کوئی گہری دلچسپی نہیں ہے۔ دلچسپی کے اس فقدان کی نمایاں علامت یہ ہے کہ یہاں اجتماع کے لئے دعوت عام دی گئی تھی اور اعلان کیا گیا تھا کہ زیادہ سے زیادہ ارکان شریک ہونے کی کوشش کریں، مگر بہت سے ارکان کسی عذر معقول کے بغیر نہیں آئے، بلکہ بہت سوں نے عذر پیش کرنیکی بھی ضرورت نہ سمجھی۔ لوگوں کے لئے ان کے معمولی کام، ان کے روزمرّہ کے مشاغل، انکے خانگی امور، انکے دنیوی مفاد اس سے بڑھکر اہمیت رکھتے ہیں کہ وہ جماعت کی پکار پر لبیک کہیں اور اسی بنا پر وہ غیر اولی الضرر ہونیکے باوجود بیٹھے رہ گئے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ہمارے بہت سے رفقاء کو اس کام سے حقیقی دلچسپی و وابستگی نہیں ہے۔ اگر فی الواقع وہ جانتے کہ یہ اجتماع کیا معنی رکھتا ہے اور جماعت کی پکار سے ان پر کیا لازم آجاتا ہے اور جو عہد انہوں نے اپنے رب سے کیا ہے اس سے کیا ذمہ داریاں ان پر عائد ہوتی ہیں تو وہ اپنے بڑے سے بڑے دینوی فائدے اور سخت سے سخت مشغولیت کو بھی یہاں کی حاضری پر ہرگز ترجیح نہ دیتے۔ جب آج ان کا یہ حال ہے تو کیا امید کی جاسکتی ہے کہ کل کوئی بڑی مہم سامنے ہو اور ہم انہیں پکاریں تو وہ ہماری پکار پر لبیک کہیں گے۔ نظام جماعت سے منسلک ہوجانے کے بعد آدمی کے لیے یہ ضروری ہوجاتا ہے کہ جماعت کی پکار سنکر دوڑ پڑے اور سارے کام چھوڑ دے۔ اس سے مستثنیٰ صرف وہ حالات ہیں جن میں خدا اور رسول نے خود رخصت دی ہے۔ ان حالات کے سوا باقی تمام حالات میں جماعت کی شرکت کیلئے دوسری ہر مشغولیت سے قطع نظر کرلینا لازم ہے۔ جب تک ارکانِ جماعت میں یہ کیفیت پیدا نہ ہوگی، نظامِ جماعت بالکل بے جان رہے گا۔ کسی شخص کا یہ خیال کرکے بیٹھ رہنا کہ اس وقت کوئی خاص کام نہیں ہے، اجتماع کی کوئی حقیقی ضرورت نہیں ہے، اگر اس وقت میں شریک نہ ہوا تو کوئی نقصان نہ ہوگا، درحقیقت ایک غلط خیال ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اگر یہاں سرے سے کوئی کام نہ ہوتا بلکہ آپ کو صرف جمع ہوجانے کے لئے پکارا جاتا تب بھی آپ کو ایک آواز پر جمع ہوجانا چاہیئے تھا، کیونکہ اس ابتدائی مرحلہ میں یہی بجائے خود ایک اہم کام ہے کہ آپ کے اندر ایک آواز پر جمع ہوجانے کی استعداد پیدا ہو۔ اس ڈسپلن کے بغیر آپ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


کونسا کام تنظیم اور تعاون کے ساتھ کر سکیں گے؟

یہ سرد مہری جس کا اظہار اس اجتماع کے موقع پر ہوا ہے، کوئی اتفاقی چیز نہیں ہے جو اس وقت رونما ہوئی ہے۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ متعدد مقامات پر ہماری جماعت کے بعض یا اکثر ارکان ہفتہ وار اجتماعات میں شریک نہیں ہوتے، یا شریک ہوتے ہیں تو التزام کے ساتھ نہیں بلکہ "گنڈے دار" طریقہ سے کہ جب دنیا کی کوئی چھوٹی بڑی مشغولیت انہیں نہ ہوئی اور تفریح کو بھی جی چاہا تو مقامی جماعت کے اجتماع میں آ گئے۔ بعض مقامات پر تو ہفتہ وار اجتماع کا قاعدہ ہی سرے سے منسوخ کر دیا گیا ہے۔ اور بہت سے ارکان ایسے بھی ہیں جو جماعت میں داخل ہونے اور جان بوجھ کر خدا سے عہد غلامی تازہ کرنے کے بعد بھی ویسے ہی ٹھنڈے، بے روح اور جامد و ساکن ہیں جیسے اس سے پہلے تھے۔ نہ انکی زندگی میں کوئی تغیر واقع ہوا، نہ جاہلیت کے ماحول سے انکی کوئی جنگ ٹھنی، نہ دعوت الی اللہ کے لئے کوئی سرگرمی ان میں پیدا ہوئی، اور نہ ہم سفر رفیقوں کے ساتھ کوئی وابستگی انکے اندر پائی گئی۔ حالانکہ ہم نے ابتدا میں جماعت قائم کرتے وقت بھی کہدیا تھا اور اسکے بعد بھی بار بار کہتے رہے ہیں کہ ہمیں کثرت تعداد کی نمائش کرنے کے لئے ارکان کی فضول بھرتی نہیں کرنی ہے، ہمیں وہ فربہی مطلوب نہیں ہے جو جسم کو طاقتور بنانے کے بجائے الٹا بوجھل بنادے، ہمیں صرف ان لوگوں کی ضرورت ہے جنہیں فی الواقع کچھ کرنا ہو اور جو کسی خارجی دباؤ سے نہیں بلکہ اپنے ایمان کے اندرونی تقاضے سے خدا کے دین کو قائم کرنے کی سعی کرنا چاہتے ہوں۔ لیکن افسوس ہے کہ ان پے درپے تصریحات کے باوجود اُس قسم کے لوگ ہمارے اس نظام میں بھی داخل ہو گئے جو اس سے پہلے محض مسلمانوں کے گروہ سے متعلق ہونے ہی کو نجات کے لئے کافی سمجھ لینے کے عادی رہے ہیں۔ ان سے میں عرض کروں گا کہ اگر آپکو یہی کچھ کرنا تھا تو اس غریب جماعت کو خراب کرنا کیا ضرور تھا۔ آپکو اگر فی الواقع اُس نصب العین سے ہمدردی تھی جس کی خدمت کے لئے ہماری یہ جماعت بنی ہے، اور اسی ہمدردی نے آپ کو ہم سے تعلق پیدا کرنے پر آمادہ کیا تھا، تو آپکی ہمدردی کا کم سے کم تقاضا یہ ہونا چاہیے تھا کہ آپ اس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جماعت کو خراب کرنے سے پرہیز کرتے اور وہ بیماریاں اسے نہ لگاتے جن کی وجہ سے مسلمان مدت ہائے دراز سے کوئی صحیح کام نہیں کر سکے ہیں۔

اس سے بھی زیادہ افسوسناک بات یہ ہے کہ پچھلے دو سال کے دوران میں متعدد اصحاب ہمارے نظام جماعت سے الگ ہوئے ہیں اور ایک دو مستثنیات کے سوا تقریباً سب کے اندر اس علیحدگی نے رجعت قہقری کی شکل اختیار کر لی ہے۔ آپ جانتے ہیں، اور جو شخص بھی ہمارے طریق کار سے واقف ہے اس بات کو جانتا ہے کہ ہم نے جماعت میں لینے سے پہلے ہر شخص کو سوچنے سمجھنے کا پورا پورا موقع دیا ہے، دین کو اور اسکے مقتضیات اور مطالبات کو، اپنے مقصد کو اور اسکے حصول کے طریقے کو اچھی طرح کھول کر بیان کیا ہے پھر داخلۂ جماعت کے موقع پر بھی ایک ایک شخص کے سامنے واضح طور پر اُن ذمہ داریوں کو پیش کر دیا ہے جو توحید و رسالت کے شعوری اقرار سے اس پر عائد ہوتی ہیں، اور اس تصریح کے بعد ہر امیدوار رکنیت سے دریافت کر لیا ہے کہ آیا وہ اس اقرار کے وزن کو پوری طرح محسوس کرتے ہوئے برضا و رغبت یہ بار اٹھانے کے لئے تیار ہے؟ اس طرح ہر اشتباہ و التباس اور ہر غلط فہمی کے بغیر جن لوگوں نے اقرار کیا صرف وہی جماعت میں لیے گئے۔ ایسے سوچ سمجھے اور جنچے تلے اقرار کے بعد نظام جماعت سے کسی شخص کے الگ ہونے کی اگر کوئی معقول صورت ہو سکتی تھی تو وہ یہی تھی کہ وہ ہم میں نفاق کی بُو محسوس کرکے، یا ہمارے نظام میں کوئی ناقابلِ علاج کمزوری پاکر ہم سے الگ ہوتا اور پھر ہم سے زیادہ بہتر طریقے سے، زیادہ تیز رفتاری کے ساتھ اُس نصب العین کی طرف پیش قدمی کرتا جس کو اس نے خوب ٹھنڈے دل سے جان بوجھکر اپنی زندگی کا نصب العین قرار دیا تھا۔ اور اس صورت میں بعید نہ تھا کہ اسکو اپنے سے آگے پاکر ہم خود اس سے جا ملتے۔

لیکن یہاں جو صورتِ حال دیکھنے میں آرہی ہے وہ یہ ہے کہ جن لوگوں نے پورے شعور کے ساتھ، جلد بازی میں نہیں بلکہ خوب سوچ سمجھکر، ہم سے نہیں بلکہ اپنے خدا سے اقرار کیا تھا، وہ جماعت سے الگ ہوئے اور الگ ہو کر ان میں سے بعض ساکن و جامد ہو گئے، بعض ان گروہوں کی طرف پلٹ گئے جن کے متعلق وہ کہتے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سمجھتے کہ انکے طریقوں کو غلط پاکر اور ان سے مایوس ہو کر وہ "علی وجہ البصیرت" ادھر آتے ہیں اور بعض ظالم تو ایسے پلٹے کہ جو دینداری اور پابندی شریعت انہوں نے اختیار کی تھی اور اخلاقی اصلاح کے جو اثرات قبول کیے تھے ان کے بھی بیشتر حصہ پر خط نسخ پھیر دیا اور وہی سب کچھ کرنا شروع کر دیا جو پہلے کرتے تھے چند اصحاب کے اندر رجعت کی شدت کا یہ حال دیکھ رہا ہوں کہ نماز تک کے تارک ہو گئے ہیں جن حرام چیزوں سے پرہیز کرنے لگے تھے ان میں پہلے سے بھی کچھ زیادہ مبتلا ہو رہے ہیں، اور معروف اخلاقی ذمہ داریوں تک سے بے پروا ہوتے جاتے ہیں۔ میں آپ سے بیان نہیں کر سکتا کہ ان حالات کو دیکھکر مجھے کسقدر رنج ہوتا ہے۔

ہمیں سوچنا چاہیے کہ ان سرد مہریوں، ان عہد فراموشیوں اور ان رجعتوں کے حقیقی اسباب کیا ہیں میرے نزدیک پہلی اور بنیادی خرابی یہ ہے کہ جس قوم میں کام کرنے کے لئے ہم اُٹھے ہیں، صدیوں کے مسلسل انحطاط نے اسکے اخلاق کی جڑیں کھوکھلی کر دی ہیں۔ اس میں کیرکٹر کی وہ طاقت بہت ہی کم باقی رہ گئی ہے جس کی مضبوط چٹان پر اٹل فیصلے، مستقل ارادے، ثابت عزائم، اور بھروسے کے قابل عہد و میثاق قائم ہوتے ہیں۔ اس میں مدت ہائے دراز سے یہ کمزوری پرورش پا رہی ہے کہ ایک چیز کو حق جانیں اور دل سے اسے حق مانیں مگر اس کے لئے کوئی قربانی گوارا نہ کریں، نہ وقت کی نہ مال کی، نہ خواہشات نفس کی، نہ اپنے مرغوب افکار و نظریات کی، نہ اپنے جاہلیت کے اذواق اور دلچسپیوں کی اور نہ کسی اور چیز کی۔ انہیں وہ حق پرستی تو بہت اپیل کرتی ہے جس میں حق کو زبان سے حق کہنا اور اس پر لفظی عقیدتوں کے پھول نچھاور کرنا اور اس کے لئے چند نمائشی کام کر دینا کافی ہو اور اسکے بعد انہیں اس حق کے خلاف ہر طرح اپنے کار و بار، اپنے ادارے، اور اپنی زندگی کے سارے معاملات چلانے کی پوری آزادی حاصل رہے۔ اسی لئے وہ نام نہاد مذہبیت کے اُن راستوں کی طرف خوشی خوشی لپک جاتے ہیں جن کی دینداری اور سعی و عمل کا سارا مدار اسلام اور جاہلیت کی مصالحت (COMPROMISE) پر ہے۔ لیکن ایسی حق پرستی ان کیلئے ایک ناقابل تحمل بارِ گراں ہے جو کفر و اسلام، حق و باطل اور اطاعت و

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بغاوت کے درمیان دوٹوک فیصلہ چاہتی ہو اور جس میں ہر اس شخص سے جو حق کو ماننے کا اقرار کرے، پہلا مطالبہ یہ ہو کہ وہ یکسو ہو جائے، اور پھر مزید مطالبہ یہ ہو کہ جس چیز کو اس نے حق مانا ہے اس کے لئے اپنی پوری شخصیت کو تج دے اور عمر بھر کے لئے تج دے، وقت کی، مال کی، خواہشات نفس کی، مرغوبات اور دلچسپیوں کی، امنگوں اور تمناؤں کی، توقعات اور امیدوں کی، گہرے سے گہرے تعلقات کی، قوتوں اور قابلیتوں کی، غرض ہر قسم کی قربانیاں گوارا کرے اور ایک دو دن کے لئے نہیں، چار چھ مہینے کے لئے نہیں، کسی مقررہ مدت کے لئے نہیں، بلکہ جب تک جیتا ہے اُس وقت تک گوارا کرتا رہے۔ آپ اس گئے گذرے زمانے میں بھی ایسے مسلمان بہت پا سکتے ہیں جو خوشی خوشی جان دینے کے لئے تیار ہو جائیں گے، سینے پر گولیاں کھا لیں گے، سروں پر لاٹھیوں کی بارش سہ لیں گے، جیل کی سختیاں برداشت کرلینگے۔ یہ سب ان کے لئے چھوٹے اور ہلکے کام ہیں جنھیں یہ بآسانی برداشت کر سکتے ہیں۔ لیکن اپنی پوری زندگی کو ایک ضابطہ میں کس دینا، عمر بھر ایک مقصد کے پیچھے صبر سے کام کئے چلے جانا، جیتے جی اپنی خواہشات پر ایک بریک لگائے رکھنا، اپنی عادتوں اور ذہنیتوں کو بدل ڈالنا، اور کسی خارجی دباؤ کے بغیر اخلاقی ذمہ داریوں کو قبول کرنا اور نباہنا، یہ فی الحقیقت ان کی برداشت سے بہت زیادہ بھاری بوجھ ہے جس کی سہار ان کے لئے سخت دشوار ہے۔ یہ نمائشی ہنگاموں میں ایک عمر گزار سکتے ہیں مگر کسی ایثار طلب عہد کو سال دو سال بھی بمشکل نباہ سکتے ہیں۔ انکے ارادے کمزور ہو چکے ہیں، انکی قوتِ فیصلہ ڈھیلی پڑ گئی ہے، ان میں عادات اور خواہشات کے انضباط اور اعتقاد و عمل کی مطابقت، اور کسی نظام کی پابندی میں مسلسل کام کرنے کی قوت باقی نہیں رہی ہے، انکی مثال اس جنگلی گھوڑے کی سی ہے جو روزِ پیدائش سے آزاد پھرنے کا عادی رہا ہو اور کسی گاڑی میں جُت کر ایک مقرر راستہ پر سیدھا چلنے کے لئے تیار نہ ہو۔ ایسے گھوڑے کو اگر کسی طرح رام کر کے باندھ بھی لیا جائے تو بہت جلدی وہ بندشوں سے اُکتانے لگتا ہے حتی کہ ایک دن رسّی تڑا کر ایسا بھاگتا ہے کہ پہلے سے بھی کچھ زیادہ دُور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


نکل جاتا ہے۔

دوسری بنیادی کمزوری جسے میں روز بروز زیادہ شدت کے ساتھ محسوس کرتا جا رہا ہوں، یہ ہے کہ ہمارے عوام تو دین کے فہم اور اسکی رُوح کے ادراک سے محروم ہیں ہی، مگر ہمارے درمیان جو لوگ مذہبی میلان رکھنے والے ہیں وہ اس معاملہ میں کچھ ان سے بھی بڑھے ہوئے ہیں مخلص اور نیک نیت لوگوں تک کا یہ حال ہے کہ وہ دین داری اور فنّی دینداری اور پیشہ دینداری کے فرق کو نہیں جانتے، دین کی حقیقی قدروں کو انہوں نے دوسری قدروں سے بدل لیا ہے یا خلط ملط کر دیا ہے، جو چیزیں دین میں نہایت اہم ہیں بلکہ اساسی اہمیت رکھتی ہیں وہ ان کی نگاہ میں، ہماری تمام کوششوں کے باوجود محض ایک ضمنی اہمیت حاصل کر سکی ہیں؛ کیونکہ ایک طویل مدت کی تعلیم و تلقین سے اُن کا انداز فکر کچھ ایسا ہی بنا دیا گیا ہے۔ بخلاف اسکے جو چیزیں دین میں کوئی اہمیت نہیں رکھتیں یا کسی قدر رکھتی بھی ہیں تو محض ایک ضمنی اہمیت، وہی انکے نزدیک مدار دین ہیں کیونکہ فن دینداری اور پیشہ دینداری نے ان کو یہی مرتبہ دیا ہے۔ عالم ہوں یا عامی یا متوسطین، بہر حال ان کے درمیان کم ہی اشخاص ایسے پائے جاتے ہیں جو صحیح دینی بصیرت کی بنا پر جانتے ہوں کہ خدا کے دین میں کونسی چیزیں کس درجہ میں مطلوب ہیں، کس چیز پر کتنا زور دینا چاہیے، اور کونسی چیز کس چیز کی خاطر چھوڑی جا سکتی ہے۔ یہ اختلاف جو قدروں کے تناسب میں ہمارے اور عام مذہبی میلان رکھنے والے لوگوں کے درمیان موجود ہے، میں محسوس کرتا ہوں کہ یہ بھی بہت سی سرد مہریوں اور رجعتوں کا ایک بڑا سبب ہے۔ مگر ہم مجبور ہیں کہ دین کو خوب جان کر اور سمجھ کر ہم نے اقامتِ دین کا جو نصب العین اپنے سامنے رکھا ہے اسکے ساتھ ہم بے وفائی نہیں کر سکتے اور اگر لوگوں میں سرگرمی پیدا کرنا، یا پلٹنے والوں کو رجعت سے باز رکھنا اسی پر موقوف ہے کہ دینی قدروں کے حقیقی تناسب کو بدل دیا جائے تو نہ ہمیں ایسی سرگرمی مطلوب ہے اور نہ کسی پلٹنے والے کی باز گشت، کائناً من کان۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


ایک اور اصولی سبب ان رجعتوں اور سرد مہریوں کا یہ ہے کہ بہت سے لوگ اس جماعت کی رکنیت اور عام انجمنوں اور پارٹیوں کی رکنیت کے فرق کو نہیں سمجھتے۔ انہوں نے ابھی پوری طرح محسوس نہیں کیا ہے کہ اس جماعت کی شرکت کیا معنی رکھتی ہے۔ وہ ابھی تک اس گمان میں ہیں کہ یہ بھی کوئی انجمن ہے جس میں کسی ادنےٰ وجہ کشش کی بنا پر شامل ہو جانا اور شامل ہو کر دلچسپی نہ لینا، اور پھر کسی چھوٹی یا بڑی وجہ ناپسندیدگی کی بنا پر الگ ہو جانا، آدمی کے دین و ایمان سے کوئی علاقہ نہیں رکھتا حالانکہ فی الحقیقت اس جماعت کی نوعیت عام انجمنوں اور پارٹیوں کی نوعیت سے بالکل مختلف ہے یہ جماعت خالصتہً دینِ حق کی اقامت کے لئے قائم ہوئی ہے۔ اس کا نصب العین وہی ہے جو قرآن کی رو سے اسلام کا حقیقی نصب العین ہے۔ اسکے پیشِ نظر وہی کام ہے جس کیلئے انبیاء علیہم السلام دنیا میں بھیجے گئے تھے۔ اس میں داخل ہوتے وقت ہر شخص سے پورے شعور کے ساتھ وہی عہد لیا جاتا ہے جسے اللہ تعالےٰ نے اپنی کتاب میں معاملۂ بیع سے تعبیر فرمایا ہے، ان اللہ اشتریٰ من المومنین انفسھم واموالھم بان لھم الجنۃ۔ ایسی جماعت میں داخل ہونے کا جو شخص ارادہ کرے اسے پہلے اچھی طرح جانچ پڑتال کر کے دیکھ لینا چاہیئے کہ آیا فی الحقیقت اس کی یہی غرض و یہی نوعیت ہے اور یہی کام اسکے پیشِ نظر ہے؟ اگر تحقیق سے اس کو اس امور پر اطمینان حاصل نہ ہو تو سرے سے جماعت کی شرکت ہی غلط ہے لیکن اگر اسے اطمینان حاصل ہو جائے اور وہ یہ یقین رکھتے ہوئے داخل جماعت ہو کہ اس جماعت کی غرض و غایت یہی ہے جو دستور میں بیان کی گئی ہے، اور اس یقین کی بنا پر وہ اللہ سے خوب سوچ سمجھ کر بیع کا معاہدہ کرے تو اسکے بعد آپ خود سمجھ سکتے ہیں کہ ایسی شرکت اور ایسے معاہدۂ بیع کی یہ حیثیت ہرگز نہیں ہو سکتی کہ ایک کوٹ ہے جسے جب چاہا پہنا اور جب چاہا اتار دیا۔ ادھر قدم بڑھانے سے پہلے اپنی واپسی کی کشتیاں جلا دیجیے۔ یہ سمجھتے ہوئے آگے بڑھیے کہ اب پلٹ کر جانے کے لئے کوئی جگہ آپ کے لئے نہیں ہے۔ خدا سے عہد باندھنے کے بعد جس جان و مال کو آپ بیچ چکے اسے اب آپ واپس نہیں لے سکتے۔ اس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


معاہدہ کے ساتھ ہی آپ سر دھڑ کی بازی لگا چکے ہیں۔ اب آپکو جان لڑا کر یہ کام کرنا ہے، خود اس راہ پر چلنا ہے اور دوسروں کو چلانا ہے۔ کوئی خرابی رونما ہوتی نظر آئے تو بھاگنے کی فکر نہ کیجئے بلکہ کم از کم اسی جذبہ کے ساتھ اسے دُور کرنے کی فکر کیجئے جس طرح آپ کے گھر میں آگ لگ جائے تو اسے بجھانے کی کرینگے۔ آگے والا اگر نہ چلے تو پیچھے سے سرک نہ جائیے بلکہ یا تو اسے چلنے پر مجبور کیجئے یا اسے ہٹا کر پھینک دیجئے اور خود آگے بڑھیئے۔ یہاں آکر اگر آپ اس کام میں دلچسپی نہ لیں گے، یا وقت، مال، محنت اور دل و دماغ اور جسم و جان کی قوتیں اس راہ میں صرف کرنے سے جی چرائیں گے، یا دوسرے کاموں کو اس کام پر مقدم رکھیں گے تو اپنے خدا سے بیوفائی کرینگے۔ آپ کا عہد کسی انسان سے نہیں، خدا سے ہے۔ شرکت کے وقت جو عہد آپ نے کیا ہے اسکے ساتھ ہی آپ اپنا سب کچھ اور خود اپنے آپ کو خدا کے ہاتھ بیچ چکے ہیں۔ اب آپ کی ہر چیز پر پہلا اور مقدم حق خدا اور اس کے کام کا ہے، باقی تمام چیزیں اس سے موخر ہیں۔

یہ ساری باتیں میں آپ سے اس لئے کہہ رہا ہوں کہ آپ اُس کام کی عظمت کو اچھی طرح محسوس کرلیں جو اس وقت ہمارے سامنے ہے۔ مجھ پر اکثر تقاضے ہوتے رہتے ہیں کہ تم جلدی سے کوئی بڑا اقدام کر ڈالو۔ لیکن ابھی میں نے جن کمزوریوں کا ذکر آپ کے سامنے کیا ہے ان کو دیکھنے اور جاننے کے باوجود اگر میں کوئی بڑا اقدام کر بیٹھوں تو مجھ سے بڑا نادان کوئی نہ ہوگا۔ سیرت و اخلاق کی ان خامیوں اور فہم و نظر کی ان کوتاہیوں کے ساتھ دنیا میں کوئی بڑا کام نہیں کیا جاسکتا، کجا کہ وہ کام جو دنیا میں سب سے بڑا ہے۔ دنیا کے نظام زندگی میں جو ہمہ گیر انقلاب پیدا کرنا ہمارے پیش نظر ہے اس کے لئے ایک دوسری قسم کی ذہنیت اور سیرت درکار ہے جیسے ڈھالنے اور تیار کرنے کا کوئی انتظام ہمارے ہاں ایک مدت دراز سے نہیں ہوا ہے۔ جو سانچے ہمارے ہاں مدتوں سے بنے ہوتے ہیں وہ اخلاق و عادات اور ذہنیتوں اور سیرتوں کو کسی اور ڈھنگ پر ڈھالتے رہے ہیں جو اس کام کے ساتھ کوئی مناسبت نہیں رکھتا۔ قبل اسکے کہ ہم اپنے پیش نظر کام کی طرف کوئی بڑا قدم اٹھائیں، ہمیں ان بوسیدہ سانچوں کو توڑنا ہے اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نہایت صبر کے ساتھ پیہم سعی و جہد سے نئی سیرتیں، نئی ذہنیتیں، نئی عادتیں اور نئی اخلاقی صفات پیدا کرنی ہیں، جو حقیقۃً نئی نہیں بلکہ سب کی سب پرانی ہیں مگر بدقسمتی سے آج ہمارے لئے نئی ہوگئی ہیں۔ خوب سمجھ لیجئے کہ کسی فاسد و مفسد گروہ کو اللہ تعالیٰ اس وقت تک اپنی زمین کے انتظام اور اپنی خلق کی امامت و پیشوائی کے منصب پر قابض نہیں ہونے دیتا جب تک دنیا ایک صالح و مصلح گروہ (منتشر افراد نہیں بلکہ منظم گروہ) سے بالکل ہی خالی نہ ہو جائے، اور اسی طرح اللہ تعالیٰ کی سنت کے مطابق قیادت و رہنمائی کے منصب اور زمین کے انتظام میں کوئی اصولی تغیر بھی اس وقت تک واقع نہیں ہو سکتا جب تک ایک امۃ وسط، ایک خیر امۃ وجود میں نہ آجائے جو شھداء علی الناس ہونے کے لائق ہو، جس کا جینا اور مرنا خالص اللہ اور اس کے دین کے لئے ہو، اور جو اپنی اخلاقی صفات کے اعتبار سے تمام دنیا کی امتوں پر فوقیت رکھتی ہو۔

اس موقع پر میں ایک بات نہایت صفائی کے ساتھ کہدینا چاہتا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ اس قسم کی ایک دعوت کا، جیسی کہ ہماری یہ دعوت ہے، کسی مسلمان قوم کے اندر اٹھنا اس کو ایک بڑی سخت آزمائش میں ڈال دیتا ہے۔ جب تک حق کے بعض منتشر اجزاء، باطل کی آمیزش کے ساتھ سامنے آتے رہیں، ایک مسلمان قوم کے لئے ان کو قبول نہ کرنے اور ان کا ساتھ نہ دینے کا ایک معقول سبب موجود رہتا ہے اور اس کا عذر مقبول ہونا رہتا ہے۔ مگر جب پورا حق بالکل بے نقاب ہو کر اپنی خالص صورت میں سامنے رکھ دیا جائے اور اس کی طرف اسلام کا دعویٰ رکھنے والی قوم کو دعوت دی جائے تو اس کے لئے ناگزیر ہو جاتا ہے کہ یا تو اس کا ساتھ دے اور اس خدمت کو انجام دینے کے لئے اٹھ کھڑی ہو جو امت مسلمہ کی پیدائش کی ایک ہی غرض ہے، یا نہیں تو اسے رد کر کے وہی پوزیشن اختیار کرلے جو اس سے پہلے یہودی قوم اختیار کر چکی ہے۔ ایسی صورت میں ان دو راہوں کے سوا کسی تیسری راہ کی گنجائش اس قوم کے لئے باقی نہیں رہتی۔ یہ عین ممکن ہے کہ اس دو ٹوک فیصلہ میں اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے مسلمانوں کو ڈھیل دے اور اس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نوعیت کی یکے بعد دیگرے کئی دعوتوں کے اٹھنے تک دیکھنا رہے کہ وہ ان کے ساتھ کیا روش اختیار کرتے ہیں۔ لیکن بہرحال اس دعوت کی طرف سے منہ موڑنے کا انجام آخرکار وہی ہے جو میں نے آپ سے عرض کر دیا۔ غیر مسلم اقوام کا معاملہ اِس سے مختلف ہے۔ لیکن مسلمان اگر حق سے منہ موڑیں اور اپنے مقصدِ وجود کی طرف صریح دعوت کو سُن کر اُلٹے پاؤں پھر جائیں تو یہ وہ جرم ہے جس پر خدا نے کسی نبی کی امت کو معاف نہیں کیا ہے۔

اب چونکہ یہ دعوت ہندوستان میں اُٹھ چکی ہے اس لئے کم از کم ہندی مسلمانوں کے لئے تو آزمائش کا وہ خوفناک لمحہ آ ہی گیا ہے، رہے دوسرے ممالک کے مسلمان تو ہم ان تک اپنی دعوت پہنچانے کی تیاری کر رہے ہیں۔ اگر ہمیں اس کوشش میں کامیابی ہوگئی تو جہاں جہاں یہ پہنچے گی وہاں کے مسلمان بھی اسی آزمائش میں پڑ جائیں گے۔ میں یہ دعویٰ کرنے کے لئے تو کوئی بنیاد نہیں رکھتا کہ یہ آخری موقع ہے جو مسلمانوں کو مل رہا ہے۔ اس کا علم صرف اللہ کو ہے۔ ممکن ہے کہ ابھی کچھ اور مواقع مسلمانوں کے لئے مقدر ہوں۔ لیکن قرآن کی بنیاد پر میں اتنا ضرور کہہ سکتا ہوں کہ مسلمانوں کے لئے یہ وقت ہے ایک نازک وقت۔ ہندوستانی مسلمانوں کے سامنے اس وقت دو قسم کی دعوتیں ہیں۔ ایک طرف ہماری یہ دعوت ہے جو مسلمانوں کو ٹھیک اُس کام کے لئے بلا رہی ہے جسے اللہ تعالیٰ نے مسلم جماعت کی تاسیس و تشکیل کی واحد غرض قرار دیا ہے۔ اور دوسری طرف وہ دعوتیں ہیں جن کے پیشِ نظر مسلمانوں کے دنیوی مفاد کی خدمت کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ اِن دو متقابل پکاروں میں سے دوسری پکار کی طرف مسلمانوں کا فوج در فوج لپکنا اور پہلی پکار کو امت کی عظیم اکثریت کا بہرے کانوں سے سننا، اکابر امت اور علماء و مشائخ کا اس سے بے اعتنائی برتنا یا اسکی کھلی یا چھپی مخالفت پر اُتر آنا، اور ایک گروہ قلیل کا اسکی طرف بڑھنا بھی تو رکتے اور جھجکتے اور پس و پیش کرتے ہوئے بڑھنا، میرے نزدیک ایک نہایت بُری علامت ہے اور ایک عظیم خطرہ ہے جس میں یہ مسلمان قوم اپنے آپ کو ڈال رہی ہے۔ خوب جان لیجئے کہ اگر اس وقت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اس قوم میں سے کچھ آدمی بھی ایسے نہ نکلے جو امۃ وسط اور شہداء للہ بننے کے قابل ہوں اور وہ خدمت انجام دے سکیں جس کے لیے اللہ تعالیٰ اپنی زمین پر ایک صالح و مصلح گروہ کو کمربستہ دیکھنا چاہتا ہے تو پھر

فَسَوْفَ يَأْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗۤ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۔ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ

بعید نہیں کہ اللہ کسی دوسری ایسی قوم کو لے آئے جو اللہ کو محبوب ہو اور اللہ اسے محبوب ہو جو اہل ایمان پر نرم اور کفار پر سخت ہو جو اللہ کی راہ میں جدوجہد کرے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈرے، یہ اللہ کا فضل ہے جسے اللہ عطا کرتا ہے جس کو چاہتا ہے، اللہ بڑی وسعت رکھنے والا اور علیم ہے

آپ حضرات یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کرلیں کہ آپ دراصل امۃ وسط بننے کے امیدوار ہیں۔ آپکا مقصود یہ ہے کہ اس مقام بلند کو حاصل کریں۔ اتنے بڑے منصب کی امیدواری کے لیے اُٹھ کھڑا ہونا اور پھر نہ اسکی عظمت کو محسوس کرنا، نہ اس کے لیے اپنے آپ کو تیار کرنا، ایک عظیم الشان بے خبری ہے۔ اور اس سے بڑھکر بے خبری یہ ہے کہ ایک طرف تو آپ اُن کم سے کم صفات سے بھی ابھی تک متصف نہ ہوئے ہوں جو اس کارِ عظیم کے لیے ضروری ہیں اور دوسری طرف آپ تقاضا کریں کہ فوراً ہی کوئی بڑا قدم اُٹھا دیا جائے۔ کیا آپ اتنا نہیں سمجھتے اور اس سے ڈرتے نہیں کہ اگر آپ نے کوئی ایسا قدم اُٹھایا جس کے لیے ضروری استعداد آپ نے اپنے اندر پیدا نہیں کی ہے تو آپ منہ کی کھا کر پسپا ہونگے اور اس راہ میں پیچھے ہٹنا فرار من الزحف ہے جو خدا کی شریعت میں بہت بڑا گناہ ہے؟

اب میں مختصر طور پر آپ کو بتاؤں گا کہ وہ کم سے کم ضروری صفات کیا ہیں جو اس دعوت کے لیے کام کرنے والوں میں ہونی چاہئیں۔ یہ صفات تین اقسام پر منقسم ہوتی ہیں۔ ایک وہ جو شخصی حیثیت سے انفرادی طور پر ہونی چاہئیں۔ دوسری وہ جو ایک صالح جماعت بنانے کے لیے ضروری ہیں۔ اور


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

تیسری وہ جو مجاہدہ فی سبیل اللہ کے لیے ناگزیر ہیں۔

شخصی اوصاف میں پہلا اور بنیادی وصف یہ ہے کہ ہم میں سے ہر شخص اپنے نفس سے لڑ کر پہلے اسے مسلمان اور خدا کا مطیع فرمان بنالے۔ یہ وہی بات ہے جسے حدیث میں یوں بیان فرمایا گیا ہے کہ

| | |
|---|---|
| المجاھد من جاھد نفسہ فی طاعۃ اللہ | حقیقی مجاہد وہ ہے جو اللہ کی اطاعت میں اپنے نفس سے کشمکش کرے |

یعنی قبل اسکے کہ آپ باہر کی دنیا میں خدا کے باغیوں سے مقابلہ کے لیے نکلیں، اُس باغی کو مطیع بنائیے جو خود آپ کے اندر موجود ہے اور خدا کے قانون اور اسکی رضا کے خلاف چلنے کے لیے ہر وقت تقاضا کرتا رہتا ہے۔ اگر یہ باغی آپ کے اندر پل رہا ہے اور آپ پر اتنا قابو یافتہ ہے کہ آپ سے رضائے الٰہی کے خلاف اپنے مطالبے منوا سکتا ہے تو یہ بالکل ایک بے معنی بات ہے کہ آپ بیرونی باغیوں کے خلاف اعلانِ جنگ کریں۔ یہ تو وہی بات ہوئی کہ گھر میں شراب کی بوتل پڑی ہے اور باہر شرابیوں سے لڑائی ہو رہی ہے۔ یہ تضاد ہماری تحریک کے لئے تباہ کن ہے۔ پہلے خود خدا کے آگے سر جھکائیے پھر دوسروں سے اطاعت کا مطالبہ کیجئے۔

جہاد کے بعد دوسرا درجہ ہجرت کا ہے۔ ہجرت کا اصل مدعا گھر بار چھوڑنا نہیں ہے، بلکہ خدا کی نافرمانی سے بھاگ کر خدا کی رضا جوئی کی طرف بڑھنا ہے۔ اصل مہاجر ترکِ وطن اگر کرتا ہے تو اس لیے کہ اس کے وطن میں قانونِ الٰہی کے مطابق زندگی بسر کرنے کے مواقع نہیں ہیں لیکن اگر کسی شخص نے گھر بار چھوڑا اور اللہ کی فرماں برداری ہی اختیار نہ کی تو اس نے حماقت کی۔ یہ حقیقت بھی احادیث میں اچھی طرح واضح کر دی گئی ہے، بطور مثال ایک حدیث کو لیجئے۔ آنحضور سے پوچھا گیا کہ

| | |
|---|---|
| ما الھجرۃ افضل؛ یا رسول اللہ؟ | یا رسول اللہ کونسی ہجرت افضل ہے؟ |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جواب ملا :-

ان تجتنبوا کبائر ما تنہون عنہ ۔۔۔ یہ کہ تو ان چیزوں کو چھوڑ دے جو اللہ کو ناپسند ہیں

اندر کا باغی اگر مطیع نہ ہو تو آدمی کا ترکِ وطن کر دینا خدا کی بارگاہ میں کوئی وزن نہیں رکھتا۔ اسی لیے میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ حضرات باہر کی قوتوں سے پہلے اپنے اندر کی سرکش قوتوں سے لڑیئے اور اصطلاحی کفار کو مسلمان بنانے سے پہلے اپنے نفس کو مسلمان بنا لیجئے۔ اس معنی کو جامع تر الفاظ میں یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ حدیث نبوی کے مطابق اپنے آپ کو اس گھوڑے کی طرح بنائیے جو ایک کھونٹے سے بندھا ہوا ہے اور خواہ کتنا ہی گھومے پھرے بہرحال اُس حد سے آگے نہیں جا سکتا جہاں تک رسّی اُسے جانے دیتی ہے۔ مثل المومن ومثل الایمان کمثل الفرس فی اخیتہ یجول ثم یرجع الی اخیتہ۔ ایسے گھوڑے کی حالت آزاد گھوڑے سے بالکل مختلف ہوتی ہے جو ہر میدان میں گھومتا ہے، ہر کھیت میں گھس جاتا ہے اور جہاں ہری گھاس دیکھتا ہے وہیں پوری بے صبری کے ساتھ لوٹ پڑتا ہے۔ پس آپ آزاد گھوڑے کی سی کیفیت اپنے اندر سے نکالیں اور کھونٹے سے بندھے ہوئے گھوڑے کی سی کیفیت اپنے اندر پیدا کریں۔

اس کیفیت کو پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ دوسرا قدم یہ اُٹھایئے کہ اپنے قریبی ماحول سے جسے میں HOME FRONT کہوں گا، لڑنا شروع کر دیجئے۔ گھر کے لوگ، اعزہ، دوست اور سوسائٹی جس سے آپکا گہرا ربط ہے، ان سب سے ایک عملی کشمکش شروع ہو جانی چاہیے۔ کشمکش اس معنی میں نہیں کہ آپ اپنے متعلقین کے کشتی لڑیں یا ان سے تُو تُو مَیں مَیں اور مناظرہ شروع کر دیں۔ بلکہ یہ کشمکش اس معنی میں ہونی چاہیے کہ آپ بحیثیت فرد اور بحیثیت جماعت اپنے نصب العین کے اتنے دلدادہ اور اپنے اصول وضوابط کے اتنے پابند ہو جائیں کہ آپ کے گرد وپیش جو لوگ کسی نصب العین کے بغیر بے اصول زندگیاں بسر کر رہے ہیں وہ آپکی پابند اصول زندگی کو گوارا نہ کر سکیں۔ آپ کی بیویاں، آپ کی اولادیں، آپ کے والدین، آپ کے رشتہ دار اور دوست

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آپ کے رویہ کے خلاف مزاحمت کرنے پر مجبور ہو جائیں۔ آپ اپنے شہر میں اجنبی ہو کر رہ جائیں۔ جہاں آپ کسب معاش کے لیے کام کرتے ہوں وہاں آپ کا وجود نمایاں طور پر کھٹکنے لگے۔ دفتر کی آرام کرسی جس پر بیٹھ کر جاہ و ترقی کے خواب دیکھے جاتے ہیں، آپ کے لیے انگاروں کی انگیٹھی بن کے رہ جائے۔ غرض جو جتنا زیادہ قریبی ہو اس سے اتنا ہی پہلے تصادم شروع ہو جانا چاہیے۔ جس شخص کے گھر میں میدانِ جہاد موجود ہو، وہ آخر چند میل کے فاصلہ پر ہی کیوں لڑنے جائے۔ پہلا معرکہ تو گھر ہی سے شروع ہونا چاہیے۔ اب تک جہاں جہاں سے اس کشمکش کی اطلاعات آ رہی ہیں وہاں کے لوگوں سے میں مطمئن ہو رہا ہوں اور جہاں سے ایسی اطلاعات نہیں آ رہی ہیں وہاں کے لیے بے تابی سے منتظر ہوں کہ ایسی کوئی اطلاع ملے۔

مگر میں بروقت یہ واضح کر دوں کہ یہ ساری کشمکش اس ذہنیت کے ساتھ ہونی چاہیے جس کے ساتھ ایک ڈاکٹر بیماروں سے کشمکش کرتا ہے۔ دراصل وہ بیمار سے نہیں لڑتا بلکہ بیماری سے لڑتا ہے اور اس کی تمام تر جدوجہد ہمدردی کی روح سے لبریز ہوتی ہے۔ وہ اگر بیمار کو کڑوی دوائیں پلاتا ہے یا اس کے کسی عضو پر نشتر چلاتا ہے تو یہ تمام تر اخلاص ہوتا ہے دشمنی نہیں ہوتی۔ اس کی نفرت اور اس کا غصہ بالکلیہ مرض کے خلاف ہوتا ہے نہ کہ مریض کے خلاف۔ بالکل اسی طرح اپنے ایک گمراہ بھائی کو ہدایت کی طرف لائیے۔ وہ کبھی کسی بات سے یہ محسوس نہ کرے کہ اسے تحقیر سے دیکھا جا رہا ہے یا براہِ راست اسکی ذات سے دشمنی کی جا رہی ہے، بلکہ وہ آپکے اندر انسانی ہمدردی، محبت اور اخوت کو کام کرتا ہوا پائے۔

میں نے اجتماع دربھنگہ کے موقع پر بھی مختصراً یہ کہا تھا کہ اصلی تبلیغ تقریری اور تحریری مناظروں سے نہیں ہوا کرتی۔ یہ کام کرنے کے بہت ہی ادنےٰ طریقے ہیں۔ اصل تبلیغ یہ ہے کہ آپ اپنی دعوت کا مجسّم ظہور اور نمونہ ہوں۔ جہاں کہیں لوگوں کی نگاہوں کے سامنے سے یہ نمونہ گذر جائے وہ آپکے طرزِ عمل سے پہچان لیں کہ یہ ہیں خدا کی راہ کے راہی۔ جس طرح کوئی "فنا فی الکانگریس" آدمی سامنے آ جاتا ہے تو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کا نگر لیسیت کی پوری تصویر آنکھوں کے سامنے پھر جاتی ہے، اسی طرح آپ ایسے فنا فی الاسلام بن جایئے کہ جہاں آپ سامنے آئیں اسلامی تحریک کا پورا نقشہ واضح ہو جائے۔ یہی وہ چیز ہے جسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اذا رأوا ذکر اللہ۔

میں یہ نہیں کہتا کہ ایسا فوراً ہو جانا چاہیے۔ یہ مقام تو تدریجاً ہی حاصل ہوگا۔ خدا کی راہ میں جب اپنے ماحول سے پیہم آپ کا تصادم ہوتا رہے گا اور آپ ہر آن، ہر لمحہ اپنے مقصد کے لئے کوشش کرتے ہوئے قربانیاں دیتے رہیں گے تو ایک مدت میں جا کر فنائیت کی کیفیت آپ پر طاری ہوگی اور آپ اپنی دعوت کا مجسم ظہور بن سکیں گے۔ اس مقصد کے لیے قرآن و حدیث کو بامعانِ نظر بار بار مطالعہ کیجئے اور دیکھئے کہ اسلام کس قسم کا انسان چاہتا ہے اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کس طرز کے آدمی تیار کیا کرتے تھے۔ وہ کیا صفات تھیں جو اس تحریک کے کارکنوں میں پہلے پیدا کی گئیں اور اسکے بعد جہاد کا علَم بلند کیا گیا۔ آپ میں سے ہر شخص جانتا ہے کہ دنیا کے سب سے بڑے مزکّی نے (صلی اللہ علیہ وسلم) جو انسان تیار کئے تھے انہیں ۱۵ برس کی تیاری کے بعد میدان میں لایا گیا۔ اس تیاری کی تفصیلات معلوم کیجئے اور دیکھئے کہ یہ کس تدریج کے ساتھ ہوئی تھی، اس میں کن صفات کی پرورش مقدم تھی اور کن کی مؤخر، کونسی صفات کس درجہ میں مطلوب تھیں اور انہیں کس حد تک ترقی دی گئی تھی، اور کس مقام پر پہنچکر اس جماعت سے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اب تم دنیا کا بہترین گروہ بن گئے ہو اور اس قابل ہو گئے ہو کہ نوع انسانی کی اصلاح کے لیے نکلو۔ یہی نمونہ خود اپنی تیاری کے لئے بھی آپ کے سامنے ہونا چاہیے۔

یہاں تفصیل کا موقع نہیں۔ میں صرف دو حدیثیں آپ کی رہنمائی کے لئے پیش کروں گا جن سے آپ کو معلوم ہوگا کہ اس کام کے لیے کن صفات کے آدمی درکار ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ

من احب للہ وابغض للہ واعطی للہ ومنع للہ فقد استکمل الایمان۔ یعنی آدمی پورا مومن اُس وقت بنتا ہے جب اسکی کیفیت یہ ہو جائے کہ اس کی دوستی اور دشمنی، اور اس کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دینا اور روکنا جو کچھ ہو خالص اللہ کے لیے ہو۔ نفسانی اور دنیوی محرکات اس کے لیے ختم ہو جائیں

دوسری حدیث ہے کہ حضور نے فرمایا :۔

امرنی ربی بتسع : — میرے رب نے مجھے نو چیزوں کا حکم دیا ہے

۱۔ خشیۃ اللہ فی السر والعلانیہ — کھلے اور چھپے ہر حال میں خدا سے ڈرتا رہوں

۲۔ وکلمۃ العدل فی الغضب والرضا — کسی پر مہربان ہوں یا کسی کے خلاف غصہ میں ہوں، دونوں حالتوں میں انصاف ہی کی بات کہوں

۳۔ والقصد فی الفقر والغنا — خواہ فقیری کی حالت میں ہوں یا امیری کی حالت میں، بہر حال راستی واعتدال پر قائم رہوں

۴۔ وان اصل من قطعنی — اور یہ کہ جو مجھ سے کٹے میں اس سے جڑوں

۵۔ واعطی من حرمنی — اور جو مجھے محروم کرے میں اسے دوں

۶۔ واعفو من ظلمنی — اور جو مجھ پر زیادتی کرے میں اسے معاف کروں

۷۔ وان یکون صمتی فکرا — اور یہ کہ میری خاموشی تفکر کی خاموشی ہو

۸۔ ونطقی ذکرا — اور میری گفتگو ذکر الٰہی کی گفتگو ہو

۹۔ ونظری عبرۃ — اور میری نگاہ عبرت کی نگاہ ہو

ان اوصاف مطلوبہ کا ذکر کرنے کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ ان امر بالمعروف والنھی عن المنکر یعنی مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں نیکی کا حکم دوں اور بدی سے روکوں۔ معلوم ہوا کہ نیکی کو پھیلانے اور بدی کو ختم کرنے کے لیے جو امتِ وسط اُٹھے اسکے فرد فرد میں یہ اوصاف ہونے چاہئیں۔ انہیں اوصاف کے ساتھ یہ فریضہ ادا ہو سکتا ہے۔ یہ نہ ہوں تو ہم کبھی اپنے منصب کے مقتضیات کو پورا نہیں کر سکتے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ تو شخصی اصلاح کا پروگرام ہوا۔ اس سے آگے جماعتی حیثیت سے کچھ دوسرے اخلاقی اوصاف کی ضرورت ہے۔ جماعتی نظم کو مستحکم اور کارگر بنانے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ارکانِ جماعت کے درمیان محبت و ہمدردی ہو، آپس میں حسنِ ظن ہو، بے اعتمادی کی جگہ اعتماد ہو، آپس میں مل کر کام کرنے کی صلاحیت ہو، ایک دوسرے کو حق کی نصیحت کرنے کی عادت ہو، خود آگے بڑھیں اور دوسروں کو اپنے ساتھ آگے بڑھائیں۔ یہ اوصاف ہر جماعتی نظم کے لئے ناگزیر ہیں۔ ورنہ اگر فرداً فرداً سب لوگ اعلیٰ درجہ کی صفاتِ حسنہ اپنے اندر پیدا کرلیں لیکن منظم و مربوط نہ ہوں، آپس میں متعاون نہ ہوں، شانہ سے شانہ ملا کر چل نہ سکیں تو ہم دنیا میں علمبردارانِ باطل کا بال تک بیکا نہیں کر سکتے۔ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ شخصی حیثیت سے بہترین انسان ہم میں ہمیشہ موجود رہے ہیں اور آج بھی موجود ہیں اور اگر آج دنیا بھر کو ہم چیلنج دے کر کہیں کہ ایسے لوگ کسی کے پاس نہ ہوں گے تو شاید اس چیلنج کا جواب کسی قوم سے نہ دیا جاسکے گا۔ مگر یہ معاملہ صرف انفرادی اصلاح کی حد تک ہے۔ جن لوگوں نے اپنی انفرادی اصلاح میں کمال حاصل کیا ہے انہوں نے زیادہ سے زیادہ یہ کیا کہ چند سو یا چند ہزار افراد پر اپنا اثر پھیلا دیا اور تقدس کی چند یادگاریں چھوڑ کر رخصت ہوگئے۔ یہ طریقہ بڑے کام کرنے کا نہیں ہے۔ بڑے سے بڑا پہلوان جو بھاری بوجھ اٹھا سکتا ہو اور کئی کئی آدمیوں کو کشتی میں پچھاڑنے کی طاقت رکھتا ہو، ایک مربوط رجمنٹ کے مقابلہ میں بالکل بیکار ہے۔ اسی طرح اگر ہم میں سے کچھ لوگ انفرادی تزکیہ کی تمام منازل طے کئے ہوئے ہوں لیکن ان میں اجتماعی رابطہ اور تعاون نہ ہو تو ان کی حیثیت اسی پہلوان کی سی ہے جو کسی رجمنٹ کا عضو بن کر کام نہیں کرتا بلکہ منفرداً ایک رجمنٹ کو دعوتِ مبارزت دیتا ہے۔ انفرادی تزکیہ کے لحاظ سے ہماری اپنی جماعت میں بھی ایسے رفقاء کی کمی نہیں ہے جن کی حالت پر خود مجھے رشک آتا ہے مگر جہاں تک جماعتی تزکیہ کا تعلق ہے، حالات افسوسناک ہیں۔ میں مستقبل قریب میں اس مسئلہ پر تفصیل سے لکھنے کا ارادہ رکھتا ہوں کہ جماعتی حیثیت سے کیا کچھ ترک کر دینے کے قابل ہے اور اس کی جگہ کیا کیا چیزیں مطلوب ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قرآن میں اس مسئلہ پر اصولی حد تک مفصل روشنی ڈالی گئی ہے اور حدیث میں اصول کی مکمل تشریحات موجود ہیں۔ پھر سیرت نبوی اور سیر الصحابہ کے مطالعہ سے مطلوبہ اجتماعی اخلاق کے عملی نمونے بھی ملاحظہ کئے جا سکتے ہیں۔ ان چیزوں کی ورق گردانی کیجئے اور ناپ تول کر دیکھئے کہ کس پہلو سے ہمارے اجتماعی نظم میں کیا اور کتنی کمی ہے اور اس کمی کو پورا کرنے کی فکر کیجئے۔

صاف بات ہے کہ اجتماعی نظم میں ایک فرد کو دوسرے افراد سے لا محالہ سابقہ پیش آتا ہے۔ اگر حسنِ ظن، ہمدردی، ایثار اور رواداری نہ ہو تو مزاجوں کا اختلاف تعاون کو چار دن بھی جاری نہیں رہنے دیگا۔ جماعتی نظم چلتا ہی اس اصول پر ہے کہ دوسروں کے لئے آپ اپنا کچھ چھوڑیں اور دوسرے آپ کے لئے کچھ چھوڑیں۔ اس ایثار کی ہمت نہ ہو تو کسی انقلاب کا نام بھی زبان پر نہ لانا چاہیئے۔

تیسری قسم کی صفات وہ ہیں جو مجاہدہ فی سبیل اللہ کے لوازم میں شمار ہوتی ہیں۔ ان کا بھی قرآن و حدیث میں مفصل تذکرہ موجود ہے۔ صرف تذکرہ ہی نہیں، ایک ایک مطلوبہ صفت کی وضاحت بھی کی گئی ہے کہ وہ کس نوعیت اور کس درجہ کی ہونی چاہیئے۔ اس سلسلہ میں احکام و ہدایات کو جمع کیجئے اور سمجھئے کہ مجاہدہ فی سبیل اللہ کے لئے کیا کیا تیاریاں کرنی ہیں۔ میں مختصراً ان کی طرف بھی اشارہ کر دینا چاہتا ہوں۔

سب سے پہلی صفت جس پر زور دیا گیا ہے، صبر ہے۔ صبر کے بغیر خدا کی راہ میں کیا کسی راہ میں بھی مجاہدہ نہیں ہو سکتا۔ فرق صرف اتنا ہے کہ خدا کی راہ میں اور قسم کا صبر مطلوب ہے اور دنیا کے لیے مجاہدہ کرتے ہوئے اور قسم کا صبر درکار ہے، مگر بہر حال صبر ہے ناگزیر۔ صبر کے بہت سے پہلو ہیں۔ ایک پہلو یہ ہے کہ جلد بازی سے شدید اجتناب کیا جائے۔ دوسرا پہلو یہ ہے کہ کسی راہ میں جدوجہد کرتے ہوئے دشواریوں اور مخالفتوں اور مزاحمتوں کے مقابلہ میں استقامت دکھائی جائے اور قدم پیچھے نہ ہٹایا جائے۔ تیسرا پہلو یہ ہے کہ کوششوں کا کوئی نتیجہ اگر جلدی حاصل نہ ہو تب



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بھی ہمت نہ ہاری جائے اور پیہم سعی جاری رکھی جائے۔ ایک اور پہلو یہ ہے کہ مقصد کی راہ میں بڑے سے بڑے خطرات، نقصانات اور خوف اور طمع کے مواقع بھی اگر پیش آجائیں تو قدم کو لغزش نہ ہونے پائے۔ اور یہ بھی صبر ہی کا ایک شعبہ ہے کہ اشتعال جذبات کے سخت سے سخت مواقع پر بھی آدمی اپنے ذہن کا توازن نہ کھوئے، جذبات سے مغلوب ہوکر کوئی قدم نہ اٹھائے، ہمیشہ سکون، صحتِ عقل اور ٹھنڈے دل اور ٹھنڈی قوت فیصلہ کے ساتھ کام کرے۔ پھر حکم صرف صبر ہی کا نہیں مصابرت کا بھی ہے، یعنی مخالف طاقتیں اپنے باطل مقاصد کے لیے جس صبر کے ساتھ ڈٹ کر سعی کر رہی ہیں اسی صبر کے ساتھ آپ بھی ڈٹ کر ان کا مقابلہ کریں۔ اسی لیے "اصبروا" کے ساتھ "صابروا" کا حکم بھی دیا گیا ہے۔ جن لوگوں کے مقابلہ میں آپ حق کی علمبرداری کے لیے اٹھنے کا داعیہ رکھتے ہیں ان کے صبر کا اپنے صبر سے موازنہ کیجیے اور سوچیے کہ آپ کے صبر کا کیا تناسب ہے۔ شاید ہم انکے مقابلہ میں ۱ فیصدی کا دعویٰ کرنے کے قابل بھی نہیں ہیں۔ باطل کے غلبہ کے لئے جو صبر وہ دکھا رہے ہیں اس کا اندازہ کرنے کے لئے موجودہ جنگ کے حالات پر نظر ڈالیے کس طرح وقت آپڑنے پر ان لوگوں نے اپنے ان کارخانوں، شہروں اور ریلوے سٹیشنوں کو اپنے ہاتھوں سے پھونک ڈالا جن کی تعمیر و تیاری میں سالوں کی محنتیں اور بے شمار روپیہ صرف کیا گیا تھا۔ یہ ان ٹینکوں کے سامنے سینہ تان کر کھڑے ہو جاتے ہیں جو فوجوں کو اپنے آہنی پہیوں تلے کچل ڈالتے ہیں۔ یہ دشمن کے ان بمبار طیاروں کے مقابلے میں استقامت سے کھڑے رہتے ہیں جو موت کے پر لگا کر اڑتے ہیں۔ جب تک انکے مقابلہ میں ہمارا صبر ۵۰۔ ۱ فیصدی کے تناسب پر نہ پہنچ جائے ان سے کوئی ٹکر لینے کی جرأت نہیں کی جا سکتی۔ جب سروسامان کے لحاظ سے ہم ان کے سامنے کوئی حیثیت نہیں رکھتے تو پھر سروسامان کی کمی کو صبر ہی سے پورا کیا جا سکتا ہے۔

دوسری چیز جو مجاہدہ کا لازمہ ہے، ایثار کی صفت ہے۔ وقت کا ایثار، محنتوں کا ایثار اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


مال کا ایثار! ایثار کے اعتبار سے بھی باطل کا جھنڈا اٹھانے والی طاقتوں کے مقابلہ میں ہم بہت ہی پیچھے ہیں۔ حالانکہ بے سروسامانی کی تلافی کے لیے ہمیں ایثار میں بھی ان سے میلوں آگے ہونا چاہئے مگر یہاں صورتِ واقعہ یہ ہے کہ ایک شخص ہیں، پچاس، سو اور ہزار روپے ماہانہ تنخواہ کے عوض اپنی پوری صلاحیتیں خود اپنے دشمن کے ہاتھ بیچ دیتا ہے اور اس طرح ہماری قوم کا کارآمد جوہر بیکار ہو جاتا ہے۔ یہ دماغی صلاحیتیں رکھنے والا طبقہ اتنی ہمت نہیں رکھتا کہ ایک بڑی آمدنی کو چھوڑ کر یہاں محض بقدرِ ضرورت قلیل معاوضہ پر اپنی خدمات پیش کر دے۔ پھر فرمایئے کہ اگر یہ لوگ اتنا ایثار بھی نہ کرینگے اور اس راہ میں پتہ مار کر کام نہ کرینگے تو پھر اسلامی تحریک کیسے پھل پھول سکتی ہے۔ ظاہر بات ہے کہ کوئی تحریک محض والنٹیروں کے بل پر نہیں چل سکتی۔ جماعتی نظم میں والنٹیروں کو اسی درجہ کی اہمیت حاصل ہے جیسی ایک آدمی کے نظامِ جسمانی میں ہاتھ اور پاؤں کو ہے۔ یہ ہاتھ اور پاؤں اور دوسرے اعضاء کس کام کے ہو سکتے ہیں اگر ان سے کام لینے کے لیے دھڑکنے والے دل اور سوچنے والے دماغ موجود نہ ہوں۔ دوسرے لفظوں میں ہمیں والنٹیروں سے کام لینے کے لیے اعلیٰ درجے کے جنرل چاہئیں۔ مگر مصیبت یہ ہے کہ جن کے پاس دل اور دماغ کی قوتیں ہیں وہ دنیوی ترقیوں کے دلدادہ ہیں اور مارکیٹ میں اسی کی طرف جاتے ہیں جو زیادہ قیمت پیش کرے۔ نصب العین سے ہماری قوم کے بہترین افراد کی وابستگی ابھی اس درجہ کی نہیں ہے کہ وہ اسکی خاطر اپنے منافع کو بلکہ منافع کے امکانات تک کو قربان کر سکیں۔ اِس ایثار کو لے کر اگر آپ یہ توقع کریں کہ وہ مفسدینِ عالم جو روزانہ کروڑوں روپیہ اور لاکھوں جانوں کا ایثار کر رہے ہیں، ہم سے کبھی شکست کھا سکتے ہیں تو یہ چھوٹا منہ بڑی بات ہے۔

مجاہدہ فی سبیل اللہ کے لئے تیسری صفت دل کی لگن ہے۔ محض دماغی طور پر ہی کسی شخص کا اس تحریک کو سمجھ لینا اور اس پر صرف عقلاً مطمئن ہو جانا، یہ اس راہ میں اقدام کے لئے صرف ایک ابتدائی قدم ہے۔ لیکن اتنے سے تاثر سے کام چل نہیں سکتا۔ یہاں تو اس کی ضرورت ہے کہ دل میں ایک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آگ بھڑک اُٹھے۔ زیادہ نہیں تو کم از کم اُتنی آگ تو شعلہ زن ہو جانی چاہیے جتنی اپنے بچے کو بیمار دیکھ کر ہو جاتی ہے اور آپکو کھینچکر ڈاکٹر کے پاس لے جاتی ہے، یا اتنی جتنی گھر میں غلہ نہ پاکر بھڑکتی ہے اور آدمی کو تگ و دو پر مجبور کر دیتی ہے اور چین سے نہیں بیٹھنے دیتی۔ سینوں میں وہ جذبہ ہونا چاہیے جو ہر وقت آپ کو اپنے نصب العین کی دُھن میں لگائے رکھے، دل و دماغ کو یکسو کر دے اور توجہات کو اس کام پر ایسا مرکوز کر دے کہ اگر ذاتی یا خانگی یا دوسرے غیر متعلق معاملات کبھی آپکی توجہ کو اپنی طرف کھینچیں بھی تو آپ سخت ناگواری کے ساتھ انکی طرف کھچیں۔ کوشش کیجیے کہ اپنی ذات کے لیے آپ قوت اور وقت کا کم سے کم حصہ صرف کریں اور آپکی زیادہ سے زیادہ جد و جہد اپنے مقصد حیات کے لئے ہو۔ جب تک یہ دل کی لگن نہ ہوگی اور آپ ہمہ تن اپنے آپ کو اس کام میں جھونک نہ دینگے، محض زبانی جمع خرچ سے کچھ نہ بنے گا۔ بیشتر لوگ دماغی طور پر ہمارا ساتھ دینے پر آمادہ ہو جاتے ہیں لیکن کم لوگ ایسے ملتے ہیں جو دل کی لگن کے ساتھ تن من دھن سے اس کام میں شریک ہوں۔ میرے ایک قریبی رفیق نے جن سے میرے ذاتی اور جماعتی تعلقات بہت گہرے ہیں، حال ہی میں دو برس کی رفاقت کے بعد مجھ سے یہ اعتراف کیا کہ اب تک میں محض دماغی اطمینان کی بنا پر شریکِ جماعت تھا مگر اب یہ چیز دل میں اُتر گئی ہے اور اس نے نہاںخانۂ روح پر قبضہ جما لیا ہے۔ مَیں چاہتا ہوں کہ ہر شخص اسی طرح اپنے اوپر خود تنقید کر کے دیکھے کہ کیا ابھی تک وہ اس جماعت کا محض ایک دماغی رکن ہے یا اسکے دل میں مقصد کے عشق کی آگ مشتعل ہو چکی ہے۔ پھر اگر دل کی لگن اپنے اندر نہ محسوس ہو تو اسے پیدا کرنے کی فکر کی جائے۔ جہاں دل کی لگن ہوتی ہے وہاں کسی ٹھیلنے اور اُکسانے والے کی ضرورت نہیں رہتی۔ اس قوت کے ہوتے ہوئے یہ صورتِ حال کبھی پیدا نہیں ہو سکتی کہ اگر کہیں جماعت کا ایک کارکن پیچھے ہٹ گیا یا نقلِ مقام پر مجبور ہو گیا تو وہاں کا سارا کام ہی چوپٹ ہو گیا۔ بخلاف اسکے پھر تو ہر شخص اُس طرح کام کریگا جس طرح وہ اپنے بچے کو بیمار پاکر کیا کرتا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خدانخواستہ اگر آپ کا بچہ بیمار ہو تو آپ اسکی زندگی و موت کے سوال کو بالکلیہ کسی دوسرے پر ہرگز نہیں چھوڑ سکتے۔ ممکن نہیں کہ آپ یہ عذر کر کے اُسے اُس کے حال پر چھوڑ بیٹھیں کہ کوئی تیمار دار نہیں، کوئی دوا لانے والا نہیں، کوئی ڈاکٹر کے پاس جانے والا نہیں۔ اگر کوئی نہ ہو تو آپ خود سب کچھ بنیں گے کیونکہ بچہ کسی دوسرے کا نہیں آپ کا اپنا ہے۔ سوتیلا باپ تو بچے کو مرنے کے لئے چھوڑ بھی سکتا ہے مگر حقیقی باپ اپنے جگر کے ٹکڑے کو کیسے چھوڑ دے گا۔ اسکے تو دل میں آگ لگی ہوتی ہے۔ اسی طرح اس کام سے بھی اگر آپ کا قلبی تعلق ہو تو اس کو آپ دوسروں پر نہیں چھوڑ سکتے، اور نہ یہ ممکن ہے کہ کسی دوسرے کی نااہلی یا غلط روی یا بے توجہی کو بہانہ بنا کر آپ اسے مرجانے دیں اور اپنے دوسرے مشاغل میں جا کر منہمک ہو جائیں۔ یہ سب باتیں اس بات کا پتہ دیتی ہیں کہ خدا کے دین اور اس کی اقامت و سربلندی کے مقصد سے آپ کا رشتہ محض ایک سوتیلا رشتہ ہے۔ حقیقی رشتہ ہو تو آپ میں سے ہر شخص اس راہ میں اپنی جان لڑا کر کام کرے۔ میں آپ سے صاف کہتا ہوں کہ اگر آپ اس راہ میں کم از کم اُتنے قلبی لگاؤ کے بغیر قدم بڑھائیں گے جتنا آپ اپنے بیوی بچوں سے رکھتے ہیں تو انجام پسپائی کے سوا کچھ نہ ہوگا اور یہ ایسی بری پسپائی ہوگی کہ مدتوں تک ہماری نسلیں اس تحریک کا نام لینے کی جرأت بھی نہ کر سکیں گی۔ بڑے بڑے اقدامات کا نام لینے سے پہلے اپنی قوتِ قلب کا اور اپنی اخلاقی طاقت کا جائزہ لیجیے، اور مجاہدہ فی سبیل اللہ کے لیے جس دل گردے کی ضرورت ہے وہ اپنے اندر پیدا کیجیے۔

چوتھی ضروری صفت اس وقت میں یہ ہے کہ ہمیں مسلسل اور پیہم سعی اور منضبط (SYSTEMATIC) طریقہ سے کام کرنے کی عادت ہو۔ ایک مدت دراز سے ہماری قوم اس طریقِ کار کی عادی رہی ہے کہ جو کام ہو کم سے کم وقت میں ہو جائے۔ جو قدم اُٹھایا جائے ہنگامہ آرائی اس میں ضرور ہو، چاہے مہینہ دو مہینہ میں سب کیا کرایا غارت ہو کے رہ جائے۔ اس عادت کو ہمیں بدلنا ہے۔ اسکی جگہ بتدریج اور بے ہنگامہ کام کرنے کی مشق ہونی چاہیے۔ چھوٹے سے چھوٹا کام بھی، جو بجائے خود ضروری ہو، اگر آپکے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سپرد کر دیا جائے تو بغیر کسی نمایاں اور معجل نتیجہ کے اور بغیر کسی داد کے آپ اپنی پوری عمر صبر کے ساتھ اسی کام میں کھپا دیں۔ مجاہدہ فی سبیل اللہ میں ہر وقت میدان گرم ہی نہیں رہا کرتا ہے اور نہ ہر شخص اگلی ہی صفوں میں لڑ سکتا ہے۔ ایک وقت کی میدان آرائی کے لیے بسا اوقات پچیس پچیس سال تک لگاتار خاموش تیاری کرنی پڑتی ہے اور اگلی صفوں میں اگر ہزاروں آدمی لڑتے ہیں تو ان کے پیچھے لاکھوں آدمی جنگی ضروریات کے اُن چھوٹے چھوٹے کاموں میں لگے رہتے ہیں جو ظاہر بین نظر میں بہت حقیر ہوتے ہیں۔

تقریر کو ختم کرنے سے پہلے مختصراً میں اس امر کی تشریح کر دینا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ اب ہمارے سامنے پروگرام کیا ہے۔ مجھے شبہ ہے کہ جس پروگرام پر میں تحریک کو چلا رہا ہوں اسے سمجھا نہیں گیا۔ سب سے پہلا کام جس کے لیے یہ اجتماعات منعقد کیے جا رہے ہیں یہ ہے کہ آپ میں سے ہر شخص سے مجھے شخصاً واقفیت ہو جائے۔ مجھے اچھی طرح معلوم ہونا چاہیئے کہ میرے ساتھ کن کن اوصاف کے لوگ چل رہے ہیں، ان میں کیا کیا صلاحیتیں اور قوتیں ہیں اور ان سے کیا کیا کام لیا جا سکتا ہے۔ آپ حضرات نہایت وضاحت سے مجھے بتایئے کہ کس موقع پر آپ کیا کیا خدمات سرانجام دے سکتے ہیں۔ جس قدر جلدی میں یہ معلومات حاصل کر لوں گا اسی قدر جلدی کام کا نقشہ تیار کر سکوں گا۔ قوت کے اندازہ کے بغیر کوئی اقدام کرنا میرے نزدیک مستحسن نہیں ہے۔ اس غرض کے لیے آپ حضرات بار بار مرکز میں آتے رہیں، خط و کتابت سے مجھے معلومات فراہم کرتے رہیں اور جہاں تک ممکن ہو گا میں خود بھی اجتماعات میں شرکت کر کے آپ سے انفرادی رابطہ کو ترقی دیتا رہوں گا۔ اسکے بعد میں ایک مکمل نقشہ کار مرتب کر کے تدریجاً آگے بڑھنے کی فکر کروں گا۔

دوسرا ضروری کام یہ سامنے ہے کہ ہمیں تربیت اشخاص کے لیے ایک ایسی مشینری بنانی ہے جس کے ذریعے سے ہم ضرورت کے آدمی تیار کریں اور اپنے کارکنوں میں ضروری اوصاف پیدا کریں۔ کل جو تجاویز پیش ہونے والی ہیں ان سے آپکو معلوم ہو جائے گا کہ اس سلسلہ میں ہم بہت جلدی اقدام

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کرنے والے ہیں۔

تیسرا کام جس پر بہت دنوں سے بالمشافہہ بھی اور خط و کتابت کے ذریعہ سے بھی مجھے بار بار توجہ دلائی جارہی ہے اور جس کی شدید اہمیت کو میں خود بھی محسوس کر رہا ہوں، یہ ہے کہ نئی نسلوں کو اپنے نقطۂ نظر کے مطابق تحریک کی خدمت کے لیے تیار کیا جائے۔ اب تک سرمایہ اور مناسب کارکنوں کی کمی اور جنگ کی پیدا کردہ معاشی مشکلات اس راہ کی رکاوٹ بنی رہی ہیں، لیکن شاید اس سلسلہ میں اب بہت زیادہ تعویق نہ ہوگی اور عنقریب آپ سنیں گے کہ مرکز میں اس کام کی بنا ڈال دی گئی ہے۔ چنانچہ میں یہ خوشخبری بھی سنا دوں کہ مولانا امین احسن صاحب اصلاحی اسی غرض کے لیے یہاں تشریف لائے ہیں اور عجب نہیں کہ مستقلاً یہیں رہ جائیں۔

چوتھی چیز جس کے لیے ہمیں سر جوڑ کر سوچنا ہے، یہ ہے کہ عورتوں کو اپنے ساتھ لے چلنے کے لیے کیا صورتیں اختیار کی جا سکتی ہیں۔ اب تک ہمارا ایک ہی ہاتھ کام کرتا رہا ہے اور گاڑی کا ایک ہی پہیہ متحرک ہوا ہے۔ اب ہمیں اپنے دوسرے ہاتھ اور اپنی گاڑی کے دوسرے پہیہ کی فکر کرنی ہے۔ یہ تو ظاہر ہے کہ ہمارا اور ہماری عورتوں کا ساتھ چولی دامن کا ساتھ ہے اور وہ ہم سے اور ہم ان سے ہر لحظ متاثر ہوتے رہتے ہیں۔ پھر اگر ہم ان کی اصلاح کی فکر نہ کریں گے تو خود ہماری اصلاح بھی نامکمل رہے گی۔ ہم گھروں کو مسلمان بنائے بغیر دنیا کو مسلمان نہیں بنا سکیں گے۔ اس معاملہ میں ساری دقت یہ ہے کہ عورتوں سے ہم وسیع پیمانے پر براہِ راست ربط نہیں پیدا کر سکتے۔ اس کے لیے خود عورتوں ہی سے مدد لینی پڑے گی۔ جو قومیں کوئی شرعی ضابطہ نہیں رکھتیں ان کا معاملہ آسان ہے۔ وہ اپنی سیاسی اور تمدنی تحریکات کے لیے اپنی عورتوں کو بازاروں، کارخانوں، پنڈالوں اور مدرسوں میں بے تکلفی سے لا سکتی ہیں۔ مگر ہمارے لئے یہ ایک نازک مسئلہ ہے اور اسے حل کرنے کے لئے مغز زنی کی ضرورت ہے۔

پانچواں کام یہ سامنے ہے کہ رائے عام کو جذب کرنے کے لیے وسیع پیمانے پر منظم کوشش کی جائے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اب تک ہم نے لئے عام کو براہِ راست مخاطب نہیں کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ابھی تک ہم اس سمندر کے محض ایک ذرا سے گوشے میں کچھ ہلچل پیدا کر سکے ہیں۔ اب ہمیں آہستہ آہستہ اصل سمندر کی طرف بڑھنا ہے ضروری نہیں کہ عوام پورے کے پورے ہمارے رکن بن جائیں۔ ہمارے مدعا کے لیے یہ بھی کافی ہے کہ باشندگان ملک کی ایک کثیر تعداد حق کو حق مان لے، ہمارے مقصد کی صحت کی معترف ہو جائے اور ہمارا اخلاقی اثر اس پر قائم ہو جائے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ آگے چل کر ہم جو قدم اُٹھائیں گے اس میں عوام کی ہمدردیاں ہمارے ساتھ ہونگی۔ اب تک ہم نے اپنے لٹریچر میں مسائل زندگی کے بہت تھوڑے حصہ سے تعرض کیا ہے اور وہ بھی زیادہ تر مجمل اشارات کی صورت میں ہے حالانکہ اِس دَور میں زندگی کے ہر پہلو پر ہمیں اپنے نقطۂ نظر سے تفصیلی روشنی ڈالنی چاہیے، علوم کی تدوین جدید کرنی چاہیے اور یہ کام ایک دو زبانوں میں نہیں متعدد زبانوں میں کرنا چاہیے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ ہمارے مدعا کو سمجھیں۔ چنانچہ اب ہمیں اس میدان میں بھی اپنی مساعی کے دائرے کو وسیع کرنا ہے۔ پھر ابھی تک ہم نے نشر و اشاعت کے لیے صرف تحریر کے ذریعہ پر انحصار کیا ہے۔ تقریر سے ہم نے ابھی کوئی کام نہیں لیا ہے۔ اب ہمیں اس میدان کی طرف بھی بڑھنا ہے لیکن اس کے لیے ضروری ہے کہ ہم تقریر کا نیا ڈھنگ اختیار کریں، نمائشی اور ہنگامی اسٹیج سے دُور رہیں، اور ذمہ دارانہ گفتگو کی عادت ڈالیں تاکہ جو آواز بھی ہماری طرف سے بلند ہو وہ متین باوقعت، وزن دار اور ممتاز ہو کہ لوگ اس کو اُن بہت سے شوروں میں سے ایک شور نہ سمجھیں جو ہنگامہ پرور اور بے لگام مقررین کے سازوں سے نکل رہے ہیں۔ مَیں نے اب تک اپنے رفقاء کو تقریر سے اسی لئے روک رکھا ہے کہ پرانی عادات کا اثر ابھی تک باقی ہے، ڈرتا ہوں کہ کہیں اسی پرانے انداز کی تقریریں ہم بھی نہ کرنے لگیں جو نظامِ اسلامی کا نام لینے والوں کے منہ کو زیب نہیں دیتیں۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ نشرِ افکار کے تمام ذرائع کو استعمال کریں مگر پہلی شرط یہ ہے کہ انہیں اخلاق اسلامی کا پابند بنائیں اور ان غیر صالح عناصر سے انہیں پاک کریں جو شتر بے مہار قسم کے لوگوں نے ان میں ملا دیے ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ چند ضروری باتیں تھیں جو میں آپ کے گوش گزار کر دینا چاہتا تھا۔ آپ ان پر غور کریں اور مفید مشوروں سے میری مدد کریں۔ اب میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالےٰ ہمیں اپنے عہد کی ذمہ داریاں سمجھنے اور ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ ہماری نیتوں میں خلوص اور ہمارے ایمان کو طاقت بخشے۔ ہماری مساعی میں برکت دے۔ ہمارے تھوڑے سے عمل کو قبول کرے اور زیادہ عمل کی ہمت دے۔ اور اپنے اُن بندوں سے ہماری تائید کرے جو ہم سے بہتر صفات رکھتے ہوں اور ہم سے زیادہ بہتر طریقہ سے دین کی خدمت کر سکتے ہوں۔

---

## دوسری نشست :- ۲۷ مارچ (۹ بجے صبح تا ۱۲ بجے دوپہر)

پروگرام کے مطابق دوسری نشست جماعتوں کی مقامی کارگزاری کی رپورٹیں سنانے کے لئے مخصوص تھی۔ چنانچہ مختلف جماعتوں کے نمائندوں نے تفصیلاً اپنے کام اور اپنی مشکلات کو حاضرین کے سامنے پیش کیا۔ مگر اس کا مطلب یہ نہیں تھا کہ امیر جماعت نے کارگذاریوں کے اشتہار و اعلان کی جو ممانعت کر رکھی ہے اسے ختم کر دیا گیا۔ نہیں، وہ بندش بدستور باقی ہے۔ اور اسے باقی رکھتے ہوئے رپورٹیں صرف اس لیے عام مجمع میں سنوائی گئیں کہ مختلف ارکان کو یہ معلوم ہو جائے کہ کہاں کہاں کس نوعیت کا کام کس طرز پر ہو رہا ہے اور اسکے مقابلہ میں کہاں کے لوگ کتنے پیچھے ہیں۔ کیا کیا مشکلات مختلف اصحاب کو پیش آرہی ہیں اور انہیں کس کس طرح حل کیا جا رہا ہے۔ اس مدعا کو جناب امیر نے مختصر سی تقریر میں خوب واضح کر دیا۔ آخر میں جب جملہ مقامی جماعتوں کی رپورٹیں سُنائی جا چکیں تو جناب امیر کے ایما سے مولنٰا امین احسن صاحب اصلاحی نے ان پر تبصرہ کرتے ہوئے بہت ہی مفید ہدایات اور مشورے دئے۔ انکی تقریر کو ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

## تقریر جناب مولنٰا امین احسن صاحب اصلاحی

حاضرین! میں آپ کی رپورٹیں سننے میں ایسا منہمک رہا کہ مجھے ان رپورٹوں کے مختلف پہلوؤں پر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اتنا غور کرنے کا موقع ہی نہیں ملا جتنا کہ ان پر تبصرہ کرنے کے لیے ضروری ہے۔ تاہم کچھ باتیں مجھے کھٹکتی رہی ہیں اور ان کے متعلق امیر کے حکم سے کچھ گزارش کرنا چاہتا ہوں۔ جہاں تک آپ کی کارگزاریوں اور بیان کردہ واقعات و حالات کا تعلق ہے، ان پر تبصرہ غیر ضروری معلوم ہوتا ہے مگر جہاں تک دوسری جماعتوں سے تعلق و تصادم کا معاملہ ہے، اس میں اصلاح کی بڑی گنجائش ہے اور میں اسی پر تبصرہ کرنا چاہتا ہوں۔

آپ حضرات نے جن مشکلات کو پیش کیا ہے ان کا سامنا تو اس راہ میں ناگزیر ہے۔ مگر ہم کو ان کا صحیح علاج سوچنے سے غافل نہیں رہنا چاہیے۔ صحیح طرز پر حق کا کام کرنے والوں کو مزاحمتوں سے تو بہر حال دوچار ہونا ہی ہے مگر اس مرحلہ پر یہ طرزِ عمل تو قطعاً غلط ہے کہ دوسروں سے خواہ مخواہ تصادم پیدا کیا جائے۔ میں جہاں تک سمجھ سکا ہوں اگر چند ضروری امور کا اہتمام کیا جائے تو ہماری راہ کے کانٹے بڑی حد تک دور ہو سکتے ہیں۔

اس سلسلہ میں پہلی چیز جس پر میں نے آج بھی اور پہلے بھی بہت غور و خوض کیا ہے اور جو بہت ہی مشکل معلوم ہوتی ہے، نہایت درجہ سنجیدہ توجہ چاہتی ہے۔ میری مراد حق کو جماعت سے باہر کے لوگوں تک پہنچانے کا مسئلہ ہے۔ دوسری جماعتوں سے ہمیں اسکے سوا کچھ مطلوب نہیں ہے کہ وہ حق کو صاف صاف پہچان جائیں۔ یاد رکھیئے کہ یہ کام محض قول سے پورا نہ ہو سکے گا۔ اس کے لئے ہمیں اپنے انفرادی اعمال اور اجتماعی کردار کو وسیلہ بنانا پڑے گا۔ بجائے اسکے کہ زوردار تقریروں کا سیلاب بہایا جائے اور نظریات کی اشاعت پریس کے ذریعے سے کی جائے، ہونا یہ چاہیئے کہ اپنے عمل سے ہم یہ ثابت کر دیں کہ ہم اپنے مقصد میں مخلص ہیں اور مسلمانوں کے لیے بالخصوص اور عالمِ انسانیت کے لئے بالعموم ایک حقیقی فائدے کا کام کرنا چاہتے ہیں۔ ہمیں کسی سے دشمنی نہیں بلکہ دنیا کی پوری آبادی سے حقیقی ہمدردی ہے۔ آزمائش کے مختلف مواقع پر اگر ہم عمل سے یہ ثبوت بہم پہنچا دیں کہ ہماری زندگی کسی خاص گروہ یا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جماعت یا کسی قوم کے فائدے کے لیے نہیں ہے بلکہ حق کے نصب العین کے لیے ہے تو ذہنوں کو فتح کر لینے میں کوئی دشواری نہ ہوگی۔ حقیقت یہ ہے کہ ابھی تک ہمارے ساتھ بے شمار عصبیتیں چمٹی ہوئی ہیں اور ان کا ایک اچھا خاصا موٹا خول خود ہمارے گرد لپٹا ہوا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم لوگ خود اپنی دعوت کی راہ کی پہلی اور سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔ یہ خول ہمیں جتنا جلدی ممکن ہو اُتار دینا چاہیے اور حق کو بالکل بے نقاب کر کے لوگوں کے سامنے لانا چاہیے۔ تاکہ لوگ صاف صاف پہچان لیں کہ صداقت و حقیقت کیا ہے۔ اگر ہم اپنے بیوی بچوں، اپنے احباب، اپنی جماعت اور اپنی قوم کی غلط عصبیت کی آلودگیوں سے اپنا دامن پاک کر لیں، تو اگرچہ دنیا کی زبانِ طعن کبھی بند نہیں ہو سکتی مگر ہمارے خلاف حجت و دلیل کی زبان بند ہو جائے گی۔ صرف یہی طریقہ ہے دُنیا کو انکارِ حقیقت سے روک دینے کا۔ عصبیت کی بُو بھی اگر باقی رہے گی اور حق کے سوا اپنی ذات یا کسی قوم کے تفوق کی کوئی خواہش بھی ہمارے اندر موجود رہے گی تو ہم خود اپنے لیے حجاب بنے رہیں گے اور اپنی دعوت کے راستے میں چٹان بن کر حائل رہیں گے۔ گھروں میں، بازاروں میں، جلسوں میں، خانقاہوں اور مسجدوں میں ہر پہلو سے اپنے آپ کو ادنیٰ اغراض سے بلند تر دکھانا ناگزیر ہے۔

اس گذارش کی اہمیت کو سمجھنے کے لیے آپ حضرات اسوۂ انبیا کا مطالعہ کیجیے۔ اللہ کی جانب سے جتنے داعی اللہ کے کلمے کو اونچا کرنے کے لیے آئے ان میں سے ہر ایک نے رشتۂ حق کے سوا ہر رشتے کو توڑ دیا۔ حمیت جاہلیت کے سارے بندھن کاٹ ڈالے، تعصبات کی موٹی موٹی زنجیروں سے اپنے آپ کو آزاد کیا۔ اسی کا نتیجہ تھا کہ ان کی دعوت بغیر کسی فرق و امتیاز کے ہر حق آشنا دل کو اپیل کرتی اور جو لوگ ان کی دعوت پر لبیک کہتے ان کے سینوں میں گروہوں اور جماعتوں کی برتری کے بجائے انسانیت کی خدمت کا جذبہ مشتعل ہو جاتا۔ اگر انہی داعیانِ ہدایت کے اُسوہ کا اتباع کیا جائے تو ہماری تبلیغی مشکلات معاً حل ہو جاتی ہیں۔ اس سلسلہ میں اگرچہ جماعت کے لٹریچر میں ضروری امور بیان کر دیے گئے ہیں، مگر کوئی مفصل پروگرام کام کا ابھی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہم نہیں بتا سکے ہیں۔ میں یہاں اس سے زیادہ کچھ نہیں عرض کر سکتا کہ اپنی پرائیویٹ اور پبلک زندگی میں یہ ثابت کر دینے کی فکر کیجئے کہ آپ کی ساری مساعی صرف اللہ کے کلمہ کو بلند کرنے کے لیے ہیں۔ حنفیت اور وہابیت کے جھگڑوں اور گروہوں اور جماعتوں کی بدگمانیوں کو ختم کرنے کا یہی ایک طریقہ ہے۔ ہمیں کوئی نئی جماعت نہیں بنانی ہے ہمارا مقصد صرف حق کو واضح کر دینا ہے۔

ایک اور چیز جس کی طرف میں آپ کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ وہ تعلی اور گھمنڈ جو ایک حقیقت کو پالینے یا ایک علم کو حاصل کر لینے سے آدمی میں پیدا ہو جاتا ہے ایک داعی حق کے لیے سب سے بڑا حجاب ہے وہ سمجھنے لگتا ہے کہ میں دوسروں سے کچھ اونچا ہوں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ اپنی دعوت کی راہ میں خود روک بن کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بعض لوگ اس کبر کو ذرا زیادہ صفائی سے چھپا لیتے ہیں مگر دل میں یہ فتنہ موجود ہوتا ہے اور اس کی وجہ سے ان کی گفتگوؤں اور تحریروں میں ایک بناوٹ سی آجاتی ہے اور بناوٹ دعوتِ حق کے ساتھ کوئی خفیف سا ربط بھی نہیں رکھتی۔ تعلی اور تکبر کے مظاہرہ سے لوگ بدک جاتے ہیں اور اپنے کان بند کر لیتے ہیں۔ اس بیماری کا علاج یہ ہے کہ آپ اس انکشاف حق کو جو آپ پر ہوا ہے اللہ کے فضل کا نتیجہ سمجھیں اور اس پر اس کے شکر گزار ہوں۔ یہ احساس آپ میں کبر کی جگہ تواضع کا جذبہ پیدا کرے گا اور بندگانِ خدا کے ساتھ آپ کے تعلق کو مضبوط کر دے گا۔ جہاں خدا کی عنایات کا احساس آدمی میں پیدا ہو جاتا ہے، وہاں خود بخود تکبر کی جگہ تواضع، غضب کی جگہ ہمدردی اور بغض کی جگہ محبت کے جذبات نشوونما پانے لگتے ہیں۔ داعی حق کو عوام سے ویسی ہی گہری اور قلبی محبت ہونی چاہیے جیسی ایک بچے کے لیے ماں اور باپ میں پائی جاتی ہے۔ اسے لوگوں کی غلطیوں سے مزا لینے کے بجائے کوفت ہوتی ہے، احتساب کی جگہ اس میں دردمندی پیدا ہوتی ہے، غرور و کبر کی جگہ اس میں ایک ہمدردانہ اضطراب رونما ہوتا ہے۔ جب یہ کیفیت پیدا ہوتی ہے تو اس کے لب و لہجہ میں بھی وہ سوز پیدا ہو جاتا ہے جس سے پتھر کی طرح سخت دل بھی موم کی طرح نرم ہو جاتے ہیں۔

© rasailojaraid.com

میں نے رپورٹوں کو سُنکر یہ محسوس کیا ہے کہ ہمارے رفقا مخالف جماعتوں پر انہیں الفاظ میں چوٹیں کرتے ہیں جو مدتوں سے ہماری زبانوں پر چڑھے ہوئے ہیں۔ ہم اپنے مخالفین کا تذکرہ کرتے ہوئے اسی طرح لذت لیتے ہیں جس طرح دوسری جماعتیں اپنے حریفوں کی تحقیر سے لذت لیتی ہیں۔ بکثرت ایسے لوگ بھی ہم میں موجود ہیں جو جلوت میں چاہے محتاط ہوں مگر خلوت میں وہ بھی ایک حد تک دوسروں پر طعن و طنز سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ اس قسم کی ریاکاری سے وہ روح کبھی نشوونما نہیں پاسکتی جس کا نام خلوص ہے، اور خلوص کے بغیر دعوتِ حق کو دوسروں کے دل و دماغ میں اُتارنا ناممکن ہے۔

اصل میں جب ہم سوچتے ہیں کہ جو کچھ ہم نے جانا ہے وہ دوسروں کو نہیں معلوم ہے، اور پھر یہ خیال کرتے ہیں کہ آخر اتنی بدیہی بات دوسرے کیوں نہیں سمجھتے تو ہمارے اندر کچھ قائدانہ اور کچھ معلمانہ شان پیدا ہوجاتی ہے۔ اور ہم دوسروں کو اسی طرح ملامت اور سزا کا مستحق خیال کرنے لگتے ہیں جس طرح ایک معلم اپنے شاگرد کو اس کی ہر غلطی پر گوشمالی کا مستحق سمجھتا ہے لیکن تعلیم پر غور کرنے والے اصحاب سے پوشیدہ نہ ہوگا کہ یہ طریقِ تعلیم سرے سے غلط ہے۔ اگر تعلیم کو دلوں میں اتارنا مقصود ہے تو غضب، طنز، تعریض، درشت زبانی اور تلخ گفتاری کے ہتھیار کھول ڈالیے۔ آپ کسی سے لڑنے نہیں جارہے ہیں، تعلیم و تبلیغ کی مہم در پیش ہے اور اس مہم کے لیے دل سوزی، ہمدردی اور احساسِ اخوت کے اسلحہ ہی مفید ہوسکتے ہیں۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ آپ پر سب سے زیادہ سخت دن کونسا گذرا ہے۔ ارشاد ہوا، طائف کا دن! اس روز دنیا کا سب سے بڑا انسان پتھروں کی باڑھ کا نشانہ بنتا ہوا ایک باغ کی ٹٹی کی پناہ لیتا ہے اور اس سے کہا جاتا ہے کہ ان ظالموں کے حق میں بد دعا کیجیے تو وہ بد دعا کرنے کے بجائے اہلِ طائف کے لیے ہدایت کی دعا کرتا ہے۔ یہ اسپرٹ پیدا کیے بغیر اور کام تو شاید ہوسکتے ہیں لیکن حق کا کام نہیں ہوسکتا۔ لوگ اگر حق کے مزے سے واقف نہیں ہیں، صداقت کی خوشبو سے محروم ہیں تو وہ غضب کے نہیں ہمدردی کے مستحق ہیں۔ بلاشبہ ہم بجا طور پر یہ سمجھتے ہیں کہ ہم حق پر ہیں اور یہ جانتے ہیں کہ بہت سے لوگ حق کو پہچاننے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی سعادت سے محروم ہیں مگر اس پر یہ کیسے جائز ہو گیا کہ ان سے بے رحمی اور غرور کا برتاؤ کیا جائے۔ ہماری کوشش دورانِ تبلیغ میں یہ ہونی چاہئے کہ لوگ یہ محسوس نہ کریں کہ انہیں گھسیٹ کر یا ہانک کر کسی طرف لایا جارہا ہے بلکہ یہ سمجھیں کہ وہ خود بخود ایک حقیقت تک پہنچے ہیں۔ اصولی مسلمات پر تمام مسلمان جماعتیں متفق ہیں اور اگر نرمی، حلم اور برادرانہ محبت سے کام لیا جائے تو آسانی سے ان تمام جماعتوں میں ہم آہنگی پیدا کی جاسکتی ہے۔ یاد رہے یہ کام مناظرہ بازی اور دماغی فتح کی خواہش کے ساتھ چل نہیں سکتا۔ یہی خواہش تو انسان کو تعصب اور تشدد پر آمادہ کرتی ہے۔

آپ حضرات اپنی تقریروں اور گفتگوؤں میں جونہی اس خواہش کا اثر محسوس کریں وہیں اپنے نفس کی باگ کھینچ لیں اور اگر مخاطب کی طرف سے اس کا مظاہرہ ہو تو "قَالُوْا سَلٰمًا" کا طریقہ اختیار کریں۔ تبادلۂ خیالات کے دوران میں ہار جیت کا کبھی سوال ہی نہیں پیدا ہونا چاہیے۔ داعی کا مقام ان چیزوں سے بہت اونچا ہے۔ اسے تو صرف کلمۂ حق کے چند بیج ذہنوں میں ڈالنے ہیں اور پھر دماغی کھیتیوں کی رکھوالی کرنی ہے۔ کبھی یہ خیال بھی دل میں نہ آنے دیجئے کہ ہماری بات رہ جائے۔ یہی خیال اصطلاحی مناظرہ کی روح ہے۔ اسی کی مشق ہم سالہا سال سے کرتے چلے آرہے ہیں۔ اب پوری قوت کے ساتھ اس عادت کی جڑیں اکھاڑنی ہیں۔ اب ہمیں مناظروں میں جیتنے کے بجائے ہارنے اور بار بار ہارنے کی مشق بہم پہنچانی ہے جہاں گفتگو سے خلوص کی روح رخصت ہونے لگے وہیں زبان پر قفل چڑھا لیجیے اور کچھ پروا نہ کیجیے کہ اس پر تالی پٹ جائے گی۔ زبان کی ہر لغزش پر بے تکلفی سے مخاطب سے معافی طلب کیجیے اور اس سے بے نیاز ہو جائیے کہ آپ پر آوازے کسے جائیں گے۔ ان شکستوں کو اگر سہنے کی ہمت ہو تو آگے آئیے اور کام کیجیے ورنہ اگر مناظرانہ ہتھکنڈوں سے کسی کو آپ کھینچ کر لائے بھی تو وہ جس راستہ سے آیا ہے اسی راستہ سے ایک دن واپس بھی ہو جائے گا۔

اگر اس معاملہ میں آپ انبیاء کے طریقِ کار پر غور و خوض کریں تو معلوم ہو گا کہ اس کی چند خصوصیات

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہیں ان خصوصیات کو اچھی طرح سمجھنے کی ضرورت ہے۔ دنیا کی موجودہ جماعتوں میں سے ہماری جماعت نبیوں کے طریقِ کار کی پیروی کا عزم لے کر اٹھی ہے۔ پس ہمیں براہِ راست وہیں سے روشنی حاصل کر لی ہے۔ تو آپ جانتے ہیں کہ جب کبھی کوئی نبی آیا تو اس نے اپنی قوم کو یوں مخاطب نہیں کیا کہ "اے کافرو! ایمان لاؤ" یا "اے گمراہو! سیدھی راہ پر آجاؤ" بلکہ محبت آمیز انداز میں "یا قوم"، "یا ایھا الناس" اور "یا اھل الکتب" کے الفاظ سے انہیں مخاطب کیا۔ حد یہ ہے کہ جو لوگ ان کے ساتھ ہوئے انہوں نے جب ایمانی کمزوریاں دکھائیں اور انہیں تنبیہ کرنے کی ضرورت پیش آئی تو انہیں بھی یوں نہیں مخاطب کیا کہ "اے منافقو! یا اے بدعہدو! اپنی روش کو بدلو!" بلکہ انہیں "یا ایھا الذین امنوا" کہ کر پکارا۔ پھر جو لوگ ان دعاۃ کا ساتھ دینے پر آمادہ ہوئے تو انہوں نے بھی اپنے طرزِ خطاب کو حلم، محبت اور نرمی کی حدود سے آگے نہیں بڑھنے دیا۔

پھر آگے چل کر ایک مرحلہ ایسا آتا ہے کہ ایک صالح و مصلح جماعت اپنے قول و عمل سے حق کو بالکل بے نقاب کر دیتی ہے اور حق کا چہرہ گرد و غبار سے صاف ہو کر لوگوں کو نظر آنے لگتا ہے۔ اس موقع پر حق کو کھلم کھلا دیکھنے کے باوجود جو لوگ مکابرت، ضد یا تعصب کا مظاہرہ کرتے ہیں اور دلائل کا ترکش خالی ہو جانے کے بعد بھی انکار کی روش جاری رہتی ہے تو پھر نبی کا طرزِ خطاب بدل جاتا ہے۔ پھر وہ سرکشوں کو صاف الفاظ میں "یا ایھا الکفرون" کہ کر پکارتا ہے اور اپنی قوم سے الگ ہو جاتا ہے۔ مگر اس سے پہلے مدتِ مدید تک وہ ملاطفت سے ہی دعوت دیتا رہتا ہے۔ نبی کریمؐ نے اپنی قوم کے ساتھ یہ روش اس وقت اختیار کی جب دعوت واضح ہو چکی تھی اور قوم کی اندھی مخالفت اس حد تک پہنچ چکی تھی کہ انہوں نے خود اپنے کفر کا اعلان کر دیا اور نبی صلعم کے قتل کا ارادہ کر لیا۔ معترضین اس پر یہ کہا کرتے ہیں کہ درحقیقت جب تک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی جماعت کمزور تھی، تب حلم و عفو تھا، مگر جب طاقت آنے لگی تو درشتی پیدا ہونے لگی۔ مگر یہ صحیح نہیں ہے۔ اصل حقیقت یہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے کہ نبی انسانوں کی کمزوریوں کا صحیح صحیح اندازہ کرتا ہے اور ان ہی کمزوریوں کے پیشِ نظر وہ ان سے شفقت کا سلوک روا رکھتا ہے۔ اس کی یہ شفقت اتنی فیاضانہ ہوتی ہے کہ شریر لوگ اس کی وجہ سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں۔ نبی یہ سب کچھ دیکھتا ہے مگر کسی کو پیچھے نہیں پھینکتا وہ صرف عمومی انداز میں جماعت اور جماعت سے باہر کے لوگوں پر تنقید کرتا ہے "ما بال قوم یفعلون کذا" (لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ اس اس طرح کی باتیں کرتے ہیں اور خدا کے غضب سے نہیں ڈرتے) ان تنبیہات کا اثر یہ ہوتا ہے کہ جو لوگ عدم تفقہ فی الدین کی وجہ سے غلطیاں کرتے ہیں وہ سنبھل جاتے ہیں۔ آخر میں جا کر صرف وہ لوگ رہ جاتے ہیں جو سو فیصدی ہٹ دھرم ہونے کی وجہ سے جماعت کے نظم کو درہم برہم کرنے کے درپے رہتے ہیں۔ جب ان کی طرف سے اصلاح کی ہر توقع ختم ہو جاتی ہے تو پھر نبی اپنی محنتوں کے قیمتی ثمرے یعنی اپنی جماعتِ صالحہ کو خطرے سے بچانے کے لیے "واغلظ علیھم" کے طریقہ پر مامور کیا جاتا ہے۔

آج ہم جس دور سے گذر رہے ہیں یہ دورِ فتن ہے۔ اس کو اپنی جن علمی روشنیوں پر ناز ہے وہ صرف دنیا کو تاریک کرنے میں معین ہو سکی ہیں۔ بلکہ انصاف یہ ہے کہ باطل کو حق اور حق کو باطل بنا کر دکھلانے کی سعی کے لحاظ سے تاریخ کا کوئی دور اس دور کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ پھر جبکہ حق واضح اور آشکارا نہیں ہے تو دوسروں پر سخت گیری کرنے کی گنجائش کہاں ہے؟ یہ وقت "واغلظ علیھم" پر عمل کرنے کا نہیں ہے۔ ابھی تو ایک لمبا دورِ محبت و شفقت ہمیں طے کرنا ہے اور اس دور میں کسی کو پیچھے نہیں پھینکنا ہے۔ البتہ خدا اگر ہماری محدود مساعی کو قبول فرما کر ہمیں احقاقِ حق اور ابطالِ باطل کے لیے کوئی نظم قائم کرنے کی توفیق دے دے اور "قَدْ تَبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ" کی صبح سعادت طلوع ہو جائے تو پھر یہ روشنی کھوٹے اور کھرے، اعمیٰ اور بصیر، مومن اور منافق کو ایک دوسرے سے خود ممیز کر دے گی

* پچھلے عرصہ میں ہمارے رفقاء نے جہاں کہیں انبیاء کے طریق دعوت کو چھوڑ کر جلد بازی سے کام

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

لیا ہے وہاں یہ غلط فہمی پھیل گئی ہے کہ ہم خدانخواستہ مسلمانوں کو مسلمان نہیں سمجھتے یہ غلط فہمی نظر انداز کردینے کے قابل نہیں ہے۔ اس کا ایک لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ لوگ ہماری دعوت کی طرف سے کان بند کرلیں گے۔ ہمارا کہنا صرف یہ ہے کہ اس وقت مسلمانوں کا بڑا طبقہ صحیح شعور دینی سے محروم ہوچکا ہے اور موجودہ نظامِ طاغوت نے ان کی اس جہالت کے بڑھانے میں پورا حصہ لیا ہے۔ اور بیگانوں اور یگانوں نے مل کر ان کو ایسے انجکشن دئے ہیں کہ ان کی قوت شامہ ماؤف ہوگئی ہے۔ ہمارا فرض یہ ہے کہ ہم ان کی قوتِ شامہ کو بیدار کریں۔ جب ان کی قوتِ شامہ بیدار ہوجائے گی تو وہ خود اپنی موجودہ حالت سے بیزاری محسوس کرنے لگیں گے اور کفر و شرک اور نفاق کی ساری غلاظتوں سے انہیں از خود نفرت ہوجائے گی۔ اس مقصد کے لئے ہمیں جو کچھ کرنا ہے وہ صرف یہ ہے کہ جو باتیں کفر و شرک ہیں ہم ان کا کفر و شرک ہونا واضح کردیں۔ بس اس قدر کافی ہے۔ کسی مسلمان کی روح شرک کو محسوس کرلینے کے بعد اس سے دوستی نہیں رکھ سکتی۔ جس شخص میں صفائی اور طہارت کا مذاق پیدا ہوجاتا ہے وہ خود اپنے دامن کی نجاستوں کو دھونے لگتا ہے۔ اسی طرح اگر ہم نے مسلمانوں میں صحیح شعور دینی بیدار کردیا تو وہ از خود ساری آلودگیوں سے پاک ہونے کی کوشش کریں گے۔

اس دینی شعور کو عام کرنے کی جد و جہد میں یہ لازم ہے کہ ہماری توجہ دین کے اصول پر مرکوز رہے جزئی مسائل میں نہ اُلجھے۔ دین کی اساس توحید، رسالت اور معاد کے صحیح تصوّرات و معتقدات پر قائم ہے یہ تصوّرات اگر ذہنوں میں اپنی ضروری تفصیلات کے ساتھ واضح ہوجائیں تو دین کا صحیح شعور پیدا ہو جائے گا اور اس کی وجہ سے جزئی امور میں خود بخود اصلاح ہوتی چلی جائے گی۔ اور ہمیں ان کے لیے کوئی خاص جد و جہد نہیں کرنی پڑے گی۔ جب کسی شخص میں مذاقِ سلیم پیدا ہوجاتا ہے تو پھر اس کی جائے قیام، لباس اور بدن کی ایک ایک گندگی پر توجہ دلانے کی ضرورت نہیں رہتی بلکہ اس کی زندگی کے ہر گوشہ میں خود ہی نفاست اور ستھرائی نمودار ہونے لگتی ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اب میں آپ کے اس سوال کی طرف متوجہ ہوتا ہوں جو آپ نے کیا ہے کہ کیا جزئیات سے میری مراد آمین بالجہر وغیرہ کی قسم کے مسائل ہیں؟ نہیں، یہاں جزئیات سے میری مراد آمین بالجہر اور رفع یدین وغیرہ کی قسم کے مسائل نہیں ہیں۔ ان مسائل اجتہادیہ میں تو ہمیشہ ہمیں رواداری ہی کا مسلک اختیار کرنا پڑے گا اس لیے کہ ان کے دونوں پہلوؤں کے لئے دین میں گنجائش ہے۔ میں یہاں اُن جزئیات امور سے غض بصر کا مشورہ دے رہا ہوں جن کے لئے دین میں کوئی گنجائش نہیں ہے لیکن خدمتِ دین کی مصلحت مقتضی ہے کہ اپنی دعوت کے اس مرحلہ میں ہم ان سے بھی چشم پوشی کریں۔ اگر ہم ایسا نہ کرینگے تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہم شاخوں کے تراشنے میں اپنا سارا وقت برباد کر دیں گے اور فتنوں کی جڑوں کی طرف توجہ کرنے کی نوبت ہی نہ آئے گی۔ ہمارا کام صحیح طور پر جب ہی ہو سکتا ہے کہ توحید اور رسالت اور معاد کے پورے پورے متعلقات اچھی طرح عوام کو سمجھا دئے جائیں۔ یہ لمبا راستہ طے کر لینے کے بعد لوگ جزئی امور میں راہِ حق کو پا سکتے ہیں۔ رفتہ رفتہ وہ خود محسوس کرنے لگیں گے کہ فلاں کام جو ہم کرتے ہیں وہ ہمارے عقیدۂ توحید کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتا، فلاں رسم جو رائج ہے ہمارے تصورِ رسالت کے ساتھ مناسبت نہیں رکھتی، اور فلاں عادت جو فروغ پائے ہوئے ہے ہمارے تصورِ معاد کے ساتھ مطابق نہیں ہے۔ بہرحال ان جزئی امور میں کسی گروہ کو سخت سست کہنا یا کسی سے مناظرہ کرنا ہمارے کام کے لئے قطعاً مضر ہے۔ حتی الوسع ان معاملات میں چشم پوشی کیجیے۔ اگر کوئی سلیم الفطرت آدمی اس سلسلہ میں کچھ سننا گوارا کرے تو نرمی سے کہیے کہ بھائی یہ کیا چیزیں ہیں جو تم نے اختیار کر رکھی ہیں۔ پھر اگر وہ کچھ اثر لے تو بہتر ورنہ خاموش ہو جائیے۔ پر زور اصلاح اُن چیزوں کی ہونی چاہیے جن سے اصل دین پر زد پڑتی ہے۔

اصلاح کے کام میں ترتیب یہ ہونی چاہیے کہ پہلے کسی اصل کے قریب ترین مقتضیات پیش کیے جائیں پھر اس سے بعید، پھر اس سے بعید تر۔ مثلاً توحید کے متعلقات میں سے سب سے پہلے وہ چیزیں بیش کی جانی چاہئیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جن پر عموماً سب مسلمانوں کا اتفاق ہے۔ پھر آگے چل کر ان ضمنی امور کی وضاحت کیجیے جو اولیاتِ توحید سے مستنبط ہوتی ہیں۔ پھر اور آگے چلیے اور ان آخری مقتضیاتِ توحید کی طرف رہبری کیجیے جن سے عوام کی توجہ تو بالکل ہی ہٹ چکی ہے اور علماء بھی کسی نہ کسی حد تک ان کے عملی مقتضیات سے غافل ہیں۔ میں امید کرتا ہوں کہ ہمارے رفقا ان مشوروں پر عمل کرنے کا اہتمام کریں گے۔

---

## تیسری نشست:۔ ۲۷ مارچ (نمازِ ظہر و نمازِ عصر کا درمیانی وقفہ)

یہ نشست صرف تجاویز کے لئے مختص تھی۔ چنانچہ بہت سے اصحاب نے کام کو آگے بڑھانے کے لئے اپنی اپنی تجاویز پیش کیں۔ ان تجاویز کو اور ان پر ہونے والی بحث و تمحیص کو مختصراً یہاں اس لئے درج کیا جاتا ہے کہ جماعت کے ارکین اور ہمدرد اور اس کے کام کو تنقیدی نظر سے دیکھنے والے اصحاب یہ اندازہ کر سکیں کہ ہمارے حلقہ کے دماغ کس طرز پر سوچ رہے ہیں اور ذہنی طور پر کس پہلو سے کیا کمی ہے۔

اب یہاں اصل ترتیب کے مطابق ایک ایک تجویز کو پیش کیا جاتا ہے:۔

**تجویز ۱:۔** مجوزہ نصر اللہ خاں صاحب عزیز مدیر اخبار "مسلمان" من جانب جماعتِ لاہور۔

اس تجویز کا منشا یہ تھا کہ کام کی رفتار کو تیز تر کرنے کے لیے ایک نگران تنظیم یعنی قیّمِ جماعت کا تقرر عمل میں لایا جائے جو دورہ کر کے مختلف مقامی جماعتوں کو سرگرمِ عمل رکھے۔

اس پر صاحب امر کی طرف سے یہ کہا گیا کہ تجویز کی اہمیت تو بالکل ظاہر ہے البتہ مطلوبہ آدمی کا ہاتھ آنا اور اسکے اخراجات کا بار اٹھانے کی ہمت کرنا، یہ ہیں دو مشکلات۔ ان کا حل یوں ہو سکتا ہے کہ جماعت بیت المال کو مضبوط بنانے کی فکر کرے اور ادھر میں سوچ کر کسی آدمی کو آزمائشی طور پر قیّمِ جماعت کے منصب کے لیے مقرر کرتا ہوں۔ چنانچہ اس پر جماعت متفق ہو گئی۔

**تجویز ۲:۔** مجوزہ ملک نصر اللہ خاں صاحب عزیز (لاہور)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس تجویز میں یہ مطالبہ کیا گیا تھا کہ جماعت مرکز میں کچھ اہلِ دماغ واہلِ قلم حضرات کو جمع کرے اور انہیں ریسرچ کے کام پر لگا دے، تا کہ وہ اطمینان سے جماعت کے نظریات کی اساس پر مختلف علوم کی تدوین کرتے رہیں۔ ملک صاحب نے ان حضرات کی معاشی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے رائلٹی کا طریقہ بھی پیش ؟ یا۔ اس پر کچھ گفتگو ہوئی اور آخر امیرِ جماعت کی طرف سے یہ فیصلہ ہوا کہ اس کام کے لیے نہ صرف یہ کہ بسراوقات کے لیے مناسب وظیفے کارکنوں کو دینے پڑیں گے بلکہ انکے رہنے سہنے کے لیے مرکز میں کافی عمارتیں ہونی چاہئیں۔ علاوہ بریں وسیع پیمانے پر ایک کتب خانہ مہیا کرنا ہوگا۔ یہ ساری ضروریات جنگ کے دوران میں مہیا کرنا بہت مشکل ہے۔ ویسے میں خود اس قسم کے کام کو شروع کر دینے کی شدید ضرورت محسوس کرتا ہوں اور شاید جنگ کے خاتمہ پر ایک سال کے اندر اندر شعبۂ علمی کے ماتحت ایک تحقیقی تصنیفی مرکز کی بنیاد رکھ دی جائے۔ مگر اس چیز کا خیال رکھئے کہ تجارتی اصولوں پر یہ کام نہیں ہوگا، ورنہ کارکنوں میں کاروباری ذہنیت پیدا ہو جائیگی۔ دماغی اور علمی کام تو صرف خدمت کے اصول پر ہونے چاہئیں۔ بیت المال ایسے لوگوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کسی تصوّرِ مُزد کے بغیر مناسب وظائف دیتا رہے گا۔

**تجویز ۳**۔ مجوزہ جناب غازی سلطان محمود صاحب آف مردوال (ضلع شاہ پور) مشمول تجویز جناب ملک نصراللہ خاں صاحب عزیز منجانب جماعت لاہور۔

ہر دو حضرات کی تجاویز کا خلاصہ یہ تھا کہ مرکز موجودہ مقام سے منتقل کر کے کسی مرکزی مقام پر لایا جائے۔

اس پر امیرِ جماعت کی طرف سے یہ جواب دیا گیا کہ جب تک کسی مقام پر ضرورت کے مطابق زمین اور زمین کو استعمال کرنے کے لئے ناگزیر وسائل فراہم نہ ہو جائیں، انتقالِ مرکز کی کوئی تجویز وزن نہیں حاصل کر سکتی۔ اس پر مختلف مقامات کے بعض اصحاب نے زمین یا دوسرے وسائل کی پیشکش کی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ان حضرات کو یہ کہا گیا کہ آپ جو کچھ جماعت کو دے سکتے ہیں، دیں۔ جہاں بھی زمین اور وسائل فراہم ہو جائیں گے انہیں استعمال کرنے میں ہم دریغ نہ کرینگے۔

**تجویز ۴۔** مجوزہ جناب حافظ فتح محمد صاحب راہوں (جالندھر) بشمول تجویز جناب قاضی حمید اللہ صاحب (سیالکوٹ)

حافظ صاحب کی تجویز کا مدعا یہ تھا کہ بچوں کی صحیح تعلیم و تربیت کے لیے مرکز میں جلدی ایک تربیت گاہ قائم ہو جانی چاہیے اور قاضی صاحب نے عام ارکانِ جماعت اور مبلغین کی ضروری تربیت کے لیے مناسب انتظام کا مطالبہ کیا۔

اس تجویز کے جواب میں امیرِ جماعت نے وضاحت سے بتایا کہ یہ دونو کام ہمارے پیشِ نظر ہیں۔ اسباب کی کمی کی وجہ سے اب تک دونو اسکیمیں معرضِ التوا میں رہیں، مگر اب مجبوراً توکلاً علی اللہ قدم آگے بڑھانے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ مَیں مولانا امین احسن صاحب اور بعض دوسرے رفقاء کے مشورہ سے نقشۂ کار مرتب کر کے اس سلسلے میں بہت جلدی کام شروع کر دینے والا ہوں۔

**تجویز ۵۔** مجوزہ جناب محمد شریف صاحب (نوشہرہ)۔

اس تجویز کا مفاد یہ تھا کہ جماعت کے ان اہلِ ہنر ارکین کو جو سرمایہ نہیں رکھتے جماعت کے سرمایہ سے کاروبار پر لگا یا جائے۔ ان لوگوں کی پوری کمائی بیت المال میں چلی جایا کرے اور انہیں صرف بقدرِ ضرورت معقول معاوضہ ملتا رہے۔ اس سے مجوز کو بیت المال کی تقویت مطلوب تھی۔

اس پر کافی دیر مشاورت ہوتی رہی اور آخر میں امیرِ جماعت اس نتیجہ پر پہنچے کہ کاروبار کے اصولوں پر بطور جماعت کوئی اسکیم عمل میں نہ لائی جانی چاہیے البتہ افراد آپس میں بطورِ خود اس طرز پر کام کریں تو اس سے کسی کو اختلاف نہ ہوگا۔ اس پر مجوز نے تجویز واپس لے لی۔

دورانِ مشاورت میں چونکہ بیت المال کی تقویت کا مسئلہ زیرِ بحث آ گیا تھا۔ اس لئے ایک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تجویز حافظ عطاء الرحمٰن صاحب نے یہ پیش کی کہ جماعت کے جملہ ارکان کو اپنی آمدنی کا ایک مقررہ حصّہ بیت المال کو ادا کرنا چاہیے ۔

اس پر امیرِ جماعت نے یہ فیصلہ دیا کہ ضابطہ بندی کے ذریعے سے ارکان کو انفاق پر آمادہ کرنا ہماری پالیسی کے خلاف ہے۔ ہاں جس رکن کو بطور خود اپنے فرض کا احساس ہو وہ اپنے اوپر خود پابندی عاید کرے ۔

اسکے بعد نعیم صدیقی صاحب نے ایک اور تجویز پیش کی جس کا مدعا یہ تھا کہ چونکہ ظالمانہ نظامِ معیشت نے حلال ذرائع آمدنی تک کو ناپاک بنا ڈالا ہے اور ہم میں سے کسی کی آمدنی بھی پاک نہیں رہ گئی ہے لہٰذا ہمارے لیے صحیح طرزِ عمل یہ ہے کہ اضطرار کی رخصت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ہم صرف ضروریاتِ زندگی کی حد تک اپنی آمدنیوں کو اپنے اوپر استعمال کریں اور بقیہ کو بیت المال کے حوالہ کر دینے کا التزام کریں۔ اس غرض کے لیے جماعت اخراجات کی مناسب تحدید کردے ۔

اس پر جناب امیر نے جواباً کہا کہ تحدیدِ اخراجات جس قانونیت کو مستلزم ہے اسے ہم اختیار نہیں کرسکتے۔ چنانچہ مجوز نے یہ ترمیم کردی کہ اگر قانوناً نہیں تو کم از کم اخلاقاً ہمیں اس کا پابند ہوجانا چاہیے۔ تجویز کی اس شکل سے جناب امیر نے اتفاق کرلیا۔ مگر دوسرے رفقاء کے اعتراضات کا سلسلہ چونکہ تھمنے میں نہیں آرہا تھا اس لیے مجوز نے برضا و رغبت اپنی تجویز واپس لے لی ۔

**تجویز ۶ ۔ مجوزہ حافظ عطاء الرحمٰن صاحب (دارالاسلام) ۔**

حافظ صاحب نے اس ضرورت کو واضح کیا کہ عہدِ حاضر کا انسان ایک نئے معاشی نظام کا طلبگار ہے اور جماعت اسلامی کو ایک مجلس تحقیق معاشیات مقرر کرنی چاہیے جو ایک طرف اسلامی اصولِ معیشت کو جمع کرے اور دوسری طرف موجودہ دَور کے علم المعیشت کا مطالعہ کرے۔ حتیٰ کہ ایک نیا علم المعیشت مدون ہوجائے ۔ یہ مجلس اپنے اخراجات کو سہ ماہی یا ششماہی رپورٹوں کی اشاعت



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے پورا کر سکتی ہے۔

اس تجویز کی اہمیت کو امیرِ جماعت نے تسلیم کیا مگر اس کام کو تجویز ۲ کے مطلوبات میں شمار کیا۔ یعنی جہاں ہمارا مجوزہ ادارہ تحقیقات علمیہ دوسرے مختلف علوم کی تدوین کرتا رہے گا وہاں معاشیات کے میدان میں بھی تحقیق و تدوین جاری رہے گی۔

## تجویز ۷۔ مجوزہ محمد یحیٰ صاحب (دارالاسلام)

یہ تجویز جماعت کو ایک خاص پہلو سے معاشی تبدیلیوں پر آمادہ کرنے کے لیے پیش کی گئی تھی۔ اس کا مفاد یہ تھا کہ جماعت مساواتِ آقا و غلام کے اصول پر ملازمین اور مزدوروں کے حقوق متعین کرے اور ان کی ادائیگی میں اراکین خاص مستعدی کا مظاہرہ کریں۔

اس تجویز پر جناب مولانا امین احسن صاحب نے یہ خیال ظاہر کیا کہ اگرچہ اصولاً یہ مطالبہ برحق ہے لیکن اگر تجویز کے مطابق مسئلہ زیرِ نظر کے چند محدود پہلو لیے جائیں تو ہم پر یہ اعتراض وارد ہوگا کہ ان کے پاس کوئی جامع نظام نہیں ہے، حالانکہ اسلام نے اس معاملہ میں بہت تفصیل سے احکام دیئے ہیں۔ ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ ان احکام کو تعلیم و تبلیغ کے ذریعہ سے عام کیا جائے۔ اس کے بغیر اگر جزئیاتی تغیر ہو تو ناکافی ہوگا۔

اس کے بعد جناب امیر نے اپنا خیال ظاہر کرتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا کہ میں نے بہت سی تجویزوں کے دوران میں یہ محسوس کیا ہے کہ لوگ بنیادیں اُٹھانے سے پہلے کھڑکیاں اور روشندان بنا لینا چاہتے ہیں۔ اگرچہ یہ سب چیزیں بجائے خود ضروری ہیں مگر اپنے مقام پر۔ اقدارِ دینی کو اُلٹ پلٹ دینا مفید نہیں ہوگا۔ جو معاشی اصلاح ہمیں مطلوب ہے وہ ضابطہ بندی سے نہیں ہوگی بلکہ ایمان اور اخلاق کے استحکام سے ہوگی۔ ہمیں ایک بچے کی طرح فطری ارتقا کرنا ہے، یہ مناسب نہیں ہوگا کہ آپ قبل از وقت مصنوعی طور پر بالغ بننے کے لیے بازار سے ڈاڑھی خرید کر لگائیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



چاہے ماحول کا دباؤ اور مطالبہ کسی پہلو سے کتنا ہی کیوں نہ بڑھ جائے، وقت سے پہلے کوئی اقدام مناسب نہیں ہوگا۔

اس بحث کے دوران میں امارت کی طرف سے یہ بھی وضاحت کر دی گئی تھی کہ تحکم سے کسی تجویز کو رد نہیں کیا جائے گا بلکہ دلائل سے مطمئن کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

**تجویز ۸۔** مجوزہ جناب محمد فاضل صاحب (امرتسر)

مجوز موصوف نے اساسی تعلیم کے لیے نصاب کی تدوین کی ضرورت کو پیش کیا اور جناب امیر نے اس پر مختصراً یوں اظہار خیال کیا کہ میرا مزاج کچھ اس قسم کا ہے کہ کچا کام کرنے پر میری طبیعت آمادہ نہیں ہوتی۔ نصاب کا تقاضا بہت پُر زور ہے، مگر میں جامع اور اطمینان بخش کام کے لیے حالات کا منتظر ہوں۔ جماعتی حیثیت سے تو ہم وہی چیز پیش کریں گے جو جامع اور مکمل ہو۔ اس سے پہلے آپ لوگ اپنے مدارس کا کام چلانے کے لیے غیر رسمی طریقہ پر جماعت کے اُن اصحاب سے مشورہ لیں جو تعلیم کے کاموں سے نظری یا عملی تعلق رکھتے ہیں۔

**تجویز ۹۔** مجوزہ جناب محمد فاضل صاحب (امرتسر)

اس تجویز کا اقتضا یہ تھا کہ ہمارے اصحاب عربی بول چال کی عادت ڈالیں تاکہ قرآن و حدیث سمجھنے میں آسانی ہو اور اسلامی تمدن فروغ پانے لگے۔

اس پر جناب چوہدری محمد اکبر صاحب ہیڈ ماسٹر دلائل پور (م) نے یہ کہا کہ اب تک عربی پڑھنے والوں اور نہ پڑھنے والوں میں عملاً کوئی نمایاں فرق نہیں ہے۔ خود عراق اور مصر و عرب کے لوگ عربی بولتے ہیں مگر وہ بھی مغربیت سے متاثر ہیں۔ ایسے غیر فطری طریقے ہمارے مقصد کے لیے کچھ زیادہ کارآمد نہیں ہیں۔

اسکے بعد مولانا امین احسن صاحب نے یہ فرمایا کہ جہاں تک قرآن و حدیث کو سمجھنے سمجھانے کا تعلق ہے ہم ایک خاص گروہ کو اتنا تیار کر دینا چاہتے ہیں کہ وہ محققانہ نظر سے دین کو سمجھے اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

سمجھائے۔ اس غرض کے لیے عربی بول لینے سے کام نہیں چلتا۔ رہے عوام تو انہیں ہم خود انہیں کی زبانوں میں اسلام کی سادہ تعلیم دیں گے۔

جنابِ امیر نے اس سلسلہ میں اپنی رائے دیتے ہوئے فرمایا کہ جن لوگوں کی مادری زبان عربی ہے اور جو حضرات عربی مدارس میں عربی پڑھتے اور بولتے ہیں وہ بھی اُس عربی سے ناواقف ہیں جو قرآن و حدیث کو سمجھنے کے لیے لابدی ہے۔ ہم اُس عربی سے اپنے رفقاء کو واقف کرنا چاہتے ہیں مگر اس سلسلہ میں عربی بول چال کی ضرورت نہیں۔ ہم لوگوں کی اپنی مادری زبانوں کو ختم کرنے کے حق میں نہیں ہیں۔

**تجویز ۱۰ ۔ مجوزہ جنابِ امیر (دارالاسلام)**

امارت کی طرف سے جماعت کا لٹریچر شائع کرنے کے لیے یونائیٹڈ پبلشرز (لاہور) اور جناب مولوی ثناء اللہ خاں صاحب (لاہور) کی طرف سے آئی ہوئی دو پیشکشوں (OFFERS) کو حاضرین کے سامنے رکھ کر مشورہ طلب کیا گیا کہ کس پیشکش کو قبول کیا جائے*

یونائیٹڈ پبلشرز دائمی حقوق اشاعت لینا چاہتے تھے مگر مولوی ثناء اللہ صاحب بامعاوضہ کاغذ فراہم کر دینے

**تجویز ۱۱ ۔ مجوزہ جناب حکیم محمد حسین صاحب (کپورتھلہ)**

مجوز کا مطالبہ یہ تھا کہ امیرِ جماعت کی پوری اطاعت کو دستوراً لازم کر دیا جائے مگر اس پر فیصلہ یہ ہوا کہ چونکہ دستور کی ترمیم پوری جماعت کے اجتماع ہی میں اتفاق رائے سے ہو سکتی ہے لہٰذا اس محدود اجتماع میں اسے پیش نہیں ہونا چاہیے۔ چنانچہ حکیم صاحب نے تجویز واپس لے لی۔ اس کے بعد کچھ سوالات کے زبانی جوابات دیے گئے۔

---

**چوتھی نشست** :۔ ۲۷ مارچ (نمازِ مغرب و نمازِ عشا کا درمیانی وقفہ)

یہ نشست جنابِ امیر کی طرف سے ہدایات دینے کے لیے پروگرام میں مخصوص کی گئی تھی۔

* [illegible] تجویز ۔ [illegible] بعد [illegible] مولوی ثناء اللہ خان صاحب کی پیشکش کو قبول کیا جائے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



چنانچہ یہ ہدایات ایک مربوط تقریر کی شکل میں دی گئیں جسے یہاں درج کیا جاتا ہے۔

# امیرِ جماعت کی اختتامی تقریر

جو روداد میں صبح کی نشست میں جماعتوں کی طرف سے پیش ہوئی ہیں ان پر میرے محترم رفیق مولانا محمد امین احسن صاحب نے جو تبصرہ فرمایا ہے اسکے بعد مزید تبصرہ کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ مجھے بعض امور کے متعلق صرف چند مشورے پیش کرنے ہیں۔

سب سے پہلے تبلیغی پالیسی کے متعلق یہ سمجھ لیجیے کہ ہماری دعوت کا اصول "الاقدم فالاقدم" ہونا چاہیے۔ جو چیز جتنی زیادہ اہم ہے اس سے اتنا ہی پہلے تعرض کرنا چاہیے اور اس پر اتنا ہی زیادہ زور دینا چاہیے۔ اسی طرح جس چیز کی دینی اہمیت کم ہے اس پر بعد میں توجہ دی جانی چاہیے اور اس کی قدر و قیمت کو مبالغہ سے کبھی نہیں بڑھانا چاہیے۔

دوسری بات یہ ذہن نشین کر لیجیے کہ جزئیات میں سے ایک ایک پر جُدا جُدا زور دینے کے بجائے اُس اصل الاصول کی فکر کرنی چاہیے جس کی اصلاح سے فروع کی اصلاح خود بخود ایک فطری نتیجہ کے طور پر ہو جاتی ہے۔ فرض کیجیے کہ کسی مکان میں آگ لگی ہوئی ہے اور جگہ جگہ سے کڑیاں اور تختے جل جل کر گر رہے ہیں، ایسے موقع پر ایک ایک کڑی کے سقوط کو روکنے کے لیے الگ الگ تدابیر نہیں اختیار کی جائیں گی، بلکہ براہِ راست ایک ہی تدبیر سے آگ بجھانے کی فکر کی جائیگی۔ یا مثلاً اگر کسی شخص کا خون خراب ہو اور اس کے بدن پر جگہ جگہ پھوڑے پھنسیاں نمودار ہو رہے ہوں تو ایک ایک پھوڑے پر نشتر چلانے اور ایک ایک ناسور پر پھاہا رکھنے کی جگہ اصلاح خون کی تدبیر کی جائیگی۔ اسی اصول پر ہمارے مبلغین کو مقامی حالات پر غور کر کے یہ معلوم کرنا چاہیے کہ لوگوں کی جزئی گمراہیوں کی اصل علت ہے کیا، اور پھر ہر ضرب اسی اصل علت کو دُور کرنے کے لیے لگائی جانی چاہیے۔ اس کام

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


کے دوران میں خرابی کی شاخوں کی کثرت سے ذرا بھی نہ گھبرانا چاہیے۔ اسی طرح جن اچھائیوں کو فروغ دینا ہے ان کی جڑ کو سمجھنے کی کوشش کرنی چاہیے اور پھر اس کی آبیاری میں پوری جانفشانی دکھانی چاہیے۔ یہ جڑ اگر قائم ہوگئی تو پتے اور پھل پھول خود بخود نمودار ہوتے جائیں گے۔

جماعت کا پورا لٹریچر اسی اصول پر لکھا گیا ہے آپ جانتے ہیں کہ اس میں بنیادی امور کے استحکام کے لیے پورا زورِ استدلال صرف کیا گیا ہے مگر جزئیات کو بالعموم نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ شاخوں کی کتائی چھنتائی کے بجائے جڑ اور تنے کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ آپ لوگ مسلمانوں کے قصرِ حیات کے ملتے ہوئے نقوشِ زینت کی طرف زیادہ متوجہ نہ ہوں بلکہ اس کی بنیادوں کی فکر کریں ورنہ دیواروں کی خوبصورتی تو ترقی کر جائے گی مگر اس کی تکمیل سے پہلے آپ پوری عمارت کو کھنڈر بنتا ہوا دیکھنے پر مجبور ہونگے۔

ہماری زبانوں پر جب کبھی اصلاح کا نام آتا ہے تو ذہن معاً چھوٹی برائیوں کی طرف پھر جاتا ہے اور پھر ہر نشترِ اصلاح اسی پرانے مذاق کے مطابق چلایا جاتا ہے۔ آپ لوگ اب اس مذاق کو یکسر بدل ڈالیے۔ بار بار کے تجربہ سے معلوم ہو چکا ہے کہ جزئیات پر حملہ کرنے سے ہم اپنے نصب العین میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔ یہ راستہ مباحثہ اور مناظرہ کی وادیوں میں سے ہو کر گذرتا ہے اور اس طرز پر کام کرنے سے خواہ مخواہ جذبات مشتعل ہوتے ہیں، طرح طرح کے چبھنے والے القاب مثلاً وہابی اور بدعتی وغیرہ زبانوں پر آنے لگتے ہیں، حتیٰ کہ سر پھٹول تک کے واقعات پیش آتے ہیں۔ اس طریقِ تبلیغ کو دہرانے سے قطعاً اجتناب کیجیے۔

جیسا کہ مولانا امین احسن صاحب نے اپنی تقریر میں واضح کیا ہے، اگر آپ حضرات غور کریں تو معلوم ہوگا کہ درحقیقت تمام خرابیاں یا تو توحید کو نہ سمجھنے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں یا رسالت کی حقیقت کو نہ جاننے سے یا عقیدہ معاد کی ناواقفیت سے۔ علاوہ بریں کچھ خرابیاں ایسی ہیں جو اصول و

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

فروعِ دین کی صحیح ترتیب کو اُلٹ دینے سے نمودار ہوئی ہیں۔ خود بگاڑ کے یہ اسباب بھی اپنا ایک سبب رکھتے ہیں اور وہ ہے کتاب وسنت سے بے تعلقی۔ یہ سب جہلا ہی میں نہیں پایا جاتا بلکہ بکثرت علماء تک کتاب وسنت سے براہِ راست گہری واقفیت نہیں رکھتے۔ اب ہمیں ان حالات کو بدلنا ہے تو اصلاح کا کام بنیاد سے شروع کر کے اوپر کی طرف لے جانا چاہیے۔ جب تک بنیادی معتقدات کی اصلاح نہیں ہو جاتی، لوگوں کی فروعی گمراہیوں کو صبر سے گوارا کرنا پڑے گا۔ میرے کہنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ فروعات کے معاملہ میں لوگوں کو کھلا چھوڑ دیا گیا ہے بلکہ مدعا یہ ہے کہ پہلے قدم پر جزئی امور پر بہت زیادہ زور ہرگز نہ دیا جائے۔

یہ حقیقت ناقابلِ انکار ہے کہ بہت کم لوگ ایسے ہونگے جو شرارت اور خبث کی بنا پر خرابیوں کی حمایت کریں گے۔ عوام بچارے محض جہالت کی وجہ سے بھٹکے ہوئے ہیں۔ مدت ہائے دراز کی غلط تعلیم و تربیت سے ان کے ذہن میں یہ بات اُتر گئی ہے کہ جن طور طریقوں کو وہ اختیار کئے ہوئے ہیں، انہیں کا نام دین ہے۔ ان بچاروں کی اصلاح صرف اسی طرح ہو سکتی ہے کہ صبر و تحمل سے بتدریج توحید، نبوّت اور معاد کے اسلامی تصوّرات کو ان کے دلوں میں راسخ کیا جائے۔ انکے عقائد کی اصلاح میں اگر ہم کامیاب ہو جائیں تو کوئی مخالف "وہابی وہابی" پکار کر بھیڑ جمع نہیں کر سکے گا بلکہ خود میدان چھوڑنے پر مجبور ہو جائے گا۔

انقلابِ عرب پر اگر آپ غور کریں تو اس دعوے کی صداقت اچھی طرح واضح ہو جائے گی۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت سے روگردانی کرنے والوں میں بالکل مختصر سا گروہ ایسا تھا جو ذاتی اغراض کی بنا پر مخالفت کر رہا تھا۔ باقی سب لوگ فریب خوردہ اور مسحور تھے۔ پھر جب تحریک پھیل نکلی اور حق کھل کر سامنے آ گیا تو بے غرض حق پسند لوگوں کے لیے انکار کے راستے مسدود ہو گئے۔ ملک کی عام آبادی نے صداقت کے آگے ہتھیار ڈال دیئے، اور آخرکار نتیجہ یہ ہوا کہ جو لوگ اغراض کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بنا پر لڑ رہے تھے انہوں نے دیکھا کہ میدان میں ہم ہار گئے ہیں اس لیے وہ سر جھکا دینے پر مجبور ہو گئے۔ آج بھی دعوتِ حق کی کامیابی کا یہی راستہ ہے۔ اگر آپ حقیقت کو لوگوں کے سامنے بالکل عریاں کر دیں تو ان میں سے نیک نیت فریب خوردہ لوگوں کی مسحوریت ختم ہو جائے گی اور وہ اپنے کبراء کو تنہا چھوڑ کر آپ کے ساتھ آملیں گے۔ پھر جو لوگ اغراض کی بنا پر سدِ راہ بنے ہوئے ہیں وہ بھی اتنے بے بس ہو جائیں گے کہ ہماری چلتی ہوئی گاڑی ان کے روکے نہ رک سکے گی۔

یہ پروگرام اگر اختیار کرنا ہو تو پھر "امین بالجہر" اور "ہتھیے" اور "قل" کے جھگڑے ختم کیجیے۔ غور تو کیجیے کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسی ہی خرابیوں کی اصلاح کے لیے آئے تھے؟ کیا اسلام کا نصب العین بس اتنا ہی کچھ ہے؟ کیا قرآن کی تعلیمات انسان سے اتنا ہی کچھ مطالبہ کرتی ہیں؟ اگر نہیں تو پھر آپ کی پوری توجہ اُن مہماتِ امور کی طرف کیوں منعطف نہیں ہوتی جن کے لیے ہر دور میں انبیاء علیہم السلام مخالفین کے مظالم کا تختۂ مشق بنتے رہے؟ یہ جزئیات جن کی اہمیت بہت بڑھا دی گئی ہے اقامتِ دین کے کام میں کوئی اہمیت نہیں رکھتے۔ فکر تو اس کی کیجیے کہ لوگ خدا کے دین کو برضا و رغبت تسلیم کریں اور سنتِ نبویہ کا اتباع کرنے پر آمادہ ہوں۔ یہ چیز پیدا ہو گئی تو پھر جس کو جو چیز کتاب و سنت سے ثابت ہوتی نظر آئے گی، وہ اسے اختیار کرے گا اور جس کا ثبوت قرآن و حدیث میں نہ ملے گا اُسے ترک کر دے گا۔ زور تو اسی ایک بنیادی اصلاح پر دینا چاہیے۔ اصول سے فروع کی طرف لے چلنے کی جو تدریج اُسوۂ نبوی میں پائی جاتی ہے اسے اگر نظر انداز کر کے محض حدیث کی کتابوں کا اتباع شروع کر دیا جائے تو یہ حدیث کی کتابوں کا اتباع تو ہو گا، اُسوۂ نبوی کا اتباع نہ ہو گا۔

دورِ اسلام سے پہلے کے عرب میں اس سے کم خرابیاں نہیں تھیں جتنی آج ہمارے دور میں پائی جاتی ہیں۔ پھر کیا بہ یک وقت سب پر چوٹ لگائی گئی تھی؟ کیا اصلاح کی وادی کو ایک ہی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جست میں طے کر ڈالا گیا؟ نہیں بلکہ پہلے اصلاح کی بنیادیں استوار کی گئیں، پھر اساسی اخلاقیات کی تعلیم دی گئی، پھر زندگی کے دامن سے ایک ایک داغ کو دھونے کا سلسلہ بتدریج کئی برس تک جاری رہا۔ اگر آپ حضرات نبی صلعم کا اتباع کرنا چاہتے ہیں تو پہلے نبیؐ کے طریقِ کار کو خوب سمجھ لیجیے پھر آگے قدم بڑھائیے۔

ایک اور چیز میں نے یہ محسوس کی ہے کہ ہمارے رفقاء میں کام کو مبالغہ سے پیش کرنے کا جذبہ بھی کبھی کبھی پیدا ہو جاتا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ اس جذبہ کو ختم کر دیا جائے۔ نہ صرف یہ کہ اپنی کارگذاری بتانے میں مبالغہ کا استعمال نہ کیا جائے بلکہ اپنی جگہ اپنے کام کو تسلی بخش بھی نہ سمجھا جائے۔ بہتر سے بہتر طریقہ پر کام کر لینے کے بعد بھی مطمئن نہ ہو جائیے اور اسکے اچھے پہلوؤں پر قانع ہونے کے بجائے اس کے کمزور پہلوؤں کو دیکھ دیکھ کر بے چین رہیے۔ جو کام صحیح ہوا ہو اس پر خدا کا شکر بجا لائیے اور جو کمی رہ گئی ہو اسے دُور کرنے کی توفیق بھی اس سے طلب کیجیے۔ پھر مجھے یہ بھی شبہ ہے کہ دوسری جماعتوں کے لوگوں میں کام کرتے وقت آپ پر مناظرہ کی روح چھا جاتی ہے اور مفاخرۃ و مکابرت کی شکل پیدا ہو جاتی ہے۔ اگر ایسا نہیں ہے تو بہت اچھا ہے اور اگر درحقیقت یہ شبہ صحیح ہے تو ان بلاؤں سے نجات حاصل کیجیے۔

اس سلسلہ میں اپنے طرزِ عمل اور اپنے اندازِ گفتار سے دوسری جماعتوں پر یہ واضح کر دیجیے کہ ہم کسی سے جماعتی کشمکش نہیں کرنا چاہتے۔ ہماری غرض خرابی کی بنیادوں کو مٹانا ہے اور ہمارا خطاب پوری نوعِ انسانی سے ہے۔ جو بھی حق سے منحرف ہے ہم بس اس کی غلطی کو صاف بتا دینگے اس کے بعد ہمارا خاص طور پر اس کے خلاف کوئی معرکہ نہ ہوگا۔ بہر حال کسی جماعت کو کم از کم آپ کے طرزِ عمل کی وجہ سے اس بدگمانی کا موقع نہ ملنا چاہیے کہ آپ اس کے حریف بن کر اٹھے ہیں۔ ہمیں تو صرف نظامِ کفر و جاہلیت کا حریف بن کے رہنا ہے، اسی سے مقابلہ کرنا ہے اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اُس کے ساتھ جس کی وابستگی جتنے درجہ کی ہو گی اسی تناسب سے ہماری اس کی دشمنی میں بھی شدت ہو گی۔

بعض اصحاب کی طرف سے پوچھا گیا ہے کہ آیا ہم اُن جلسوں اور ان تقریبات میں شریک ہو کر تقریریں کر سکتے ہیں جو عام انجمنوں کی طرف سے منعقد ہوا کرتی ہیں؟ اس میں شک نہیں کہ ہمیں اس ذریعہ سے اپنے خیالات کو پھیلانے کے مواقع ملتے ہیں، مگر میرا مشاہدہ ہے کہ یہ طریق کار مفید نہیں ہے۔ ایک اسٹیج پر جب قسم قسم کی بولیاں بولی جاتی ہیں اور انہی کے دوران میں ہماری دعوت بھی پیش کی جاتی ہے تو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ بھی اُن بولیوں میں سے ایک بولی ہے جو ہمیں خوش کرنے کے لیے سُنائی جاتی ہیں۔ یا یہ جلسہ ایک دماغی دستر خوان ہے جس پر جہاں اور طرح طرح کے مُربّے اور اچار رکھے ہیں وہاں ایک نئی قسم کا یہ اچار بھی رکھ دیا گیا ہے۔ انجمن بازی کے نقار خانہ میں اگر بالفرض آپ نے بوجوہِ احسن اپنا پیغام پیش کر دیا تب بھی نتیجہ اس سے زیادہ کچھ نہ ہو گا کہ لوگ داد دیتے ہوئے یہ کہدیں کہ فلاں صاحب خوب بولے۔ ہماری قوم کا حال آجکل اُس بگڑے ہوئے رئیس کا سا ہو گیا ہے جس کے گرد و پیش بہت سے خوشامدی مصاحب لگے ہوئے ہوں اور اسے خوش کرنے میں منہمک ہوں۔ ان خوشامدیوں کے زمرے میں شامل ہو کر آپ حکمتِ دین اور حقائقِ زندگی کو خواہ کتنی ہی سنجیدگی کے ساتھ پیش کریں، بہرحال یہ رئیس المزاج قوم آپ کی باتیں انہی کانوں سے سُنے گی جن سے وہ دوسرے مصاحبوں کی باتیں سنتی ہے۔ ان وجوہ سے میں جماعت کے مقررین کو مشورہ دیتا ہوں کہ پہلے اپنی انفرادیت یا دوسرے لفظوں میں اپنی امتیازی حیثیت کو خوب مستحکم کر لیجیے اور بالکل جُداگانہ طور پر اپنے نظریات پیش کرتے رہیے۔ البتہ اگر یہ ممکن ہو کہ مارکیٹ میں جو خوش تقریر ریکارڈ خوب مقبول ہیں ان کے اندر آپ اپنا نغمہ بھر سکیں تو یہ صورت مفید ثابت ہو گی۔ مختلف لیڈروں اور مقرروں پر اپنا اثر اس حد تک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

پھیلا دیجیے کہ ان کی تقریروں میں خواہ مخواہ آپ ہی کے خیالات آنے لگیں۔ جب وہ کچھ عرصہ تک محض قولاً ہمارے نظریات کو بیان کرتے رہیں گے تو بعید نہیں کہ ایک روز انہیں اپنے ضمیر کی آواز اور رائے عام کے دباؤ سے اپنی عملی روش کو بھی بدلنا پڑے گا۔ یہ اسکیم اگر خوب وسعت کے ساتھ عمل میں لائی جائے تو آخر کار اجرت پر تقریر کرنے والے مقررین جنہوں نے پوری قوم کا مزاج بگاڑ رکھا ہے، اسٹیج سے ہٹا دیے جائیں گے اور کام کے آدمیوں کو پبلک خود سامنے لے آئے گی۔

یہ معلوم کرکے مجھے بہت مسرت ہوئی کہ آپ حضرات جابجا اپنے نظریات کو پھیلانے کے لیے مدارس قائم کرنے کی فکر میں ہیں، بلکہ بعض مقامات پر تو عملاً قدم اٹھ چکا ہے۔ مگر اس سلسلہ میں یہ احتیاط ضرور کیجیے کہ ایک مدرسہ کو چلانا بجائے خود مقصد بن کر نہ رہ جائے۔ ہمیں تعلیم کو حصولِ مقصد کے ذریعہ کی حیثیت سے استعمال کرنا ہے۔ جہاں محسوس ہو کہ آپ کا مدرسہ مقصد کی جگہ لے رہا ہے یا مقصد میں رکاوٹ بن رہا ہے تو ایسے مدرسے کو مسمار کر دیجیے اور اس کے کھنڈروں کو روندتے ہوئے اپنی منزل کی طرف آگے بڑھیے۔ اس غرض کے لیے نصب العین کو ہمیشہ نگاہوں کے سامنے رکھنے کی ضرورت ہے۔ مثال کے طور پر آپ دیکھتے ہیں کہ ایک قوم نے جو کارخانے خود جنگی اغراض کے لیے کروڑوں روپے کے صرف سے بنائے ہوتے ہیں، انہیں جب وہ اصل مقصد کی راہ میں رکاوٹ بنتے دیکھتی ہے تو وہ خود اپنے ہاتھوں سے انہیں تباہ کر دیتی ہے۔ اسی جنگ میں روس نے اپنے بے شمار صنعتی مراکز کو اور فرانس نے اپنے بحری بیڑے کو تباہ کر دیا۔

یہ انتباہ میں اس لیے کر رہا ہوں کہ پہلے بھی ہمارے تعلیمی کام کرنے والے بہت سے بزرگوں سے یہی لغزش ہو چکی ہے، یعنی انہوں نے مدرسے چلانے کو ذریعہ کے بجائے مقصد کی حیثیت دے دی۔ آپ لوگ اس سلسلہ میں بہت احتیاط سے کام لیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اب رہا مقامی کام اور تنظیم کے استحکام کا سوال، سو اس غرض کے لیے میں چند موٹی موٹی باتوں کی طرف آپ کی توجہ منعطف کراتا ہوں۔

سب سے پہلی توجہ طلب چیز یہ ہے کہ اپنے اپنے حلقہ کے ارکان میں مالی ایثار کے جذبہ کو اُبھاریئے۔ اب تک دوسرے مختلف جذبات تو تناسب سے کچھ زیادہ ہی اُبھرے ہیں مگر مالی ایثار کے جذبہ کا تناسب بہت ہی کم ہے۔ ہاں اس ضمن میں یہ بات ضرور ملحوظ رہے کہ اس جذبہ کی اساس اخلاقی ذمہ داری کے احساس پر ہونی چاہیے۔ ضوابط سے یہ خوبی پیدا کرنے کی کوشش نہ کی جائے۔ ہر شخص کو یہ سوچنا چاہیے کہ جب وہ مسلمان ہوا ہے تو اسکے مال کو بھی مسلمان ہونا چاہیے۔ جسم اور جان مسلمان ہو جائیں اور مال مسلمان نہ ہو تو اسلام کا اقتضا پورا نہیں ہوتا ہے۔ اپنے ساتھ اپنے مال کو بھی دائرۂ اسلام میں لایئے اور اس کی شکل یہی ہے کہ اپنے کمزور بھائیوں کی دستگیری اور اپنے بیت المال کی تقویت میں اسے صرف کیجئے۔ "اُدخلوا فی السلم کافۃ" کا مدعا یہی ہے۔ پھر جذبۂ ایثار کی پیمائش اللہ کی راہ میں صرف کیے جانے والے مال کی مقدار سے نہیں ہوتی بلکہ ان تکلیف دہ حالات سے ہوتی ہے جن کا مقابلہ کرتے ہوئے ایک شخص انفاق کرتا ہے۔ اس لحاظ سے بعض اوقات ایک پیسہ ایک ہزار روپیہ سے زیادہ وزنی ہوتا ہے۔ خدا کے ہاں یہ نہیں دیکھا جاتا کہ دیا کتنا بلکہ یہ کہ کن مشکلات کے ہوتے ہوئے دیا۔

دوسری چیز جس کا شدید پابندی سے اہتمام ہونا چاہیے، ہفتہ وار اجتماع ہے۔ مختلف مقامات پر جماعتی نظام کے مرجانے کی وجہ یہی تھی کہ افراد کو مجتمع رکھنے اور جماعت کے ساتھ ان کی عملی دلچسپی کو زندہ رکھنے والے اس رشتہ کی اہمیت کو نظر انداز کر دیا گیا۔ میں چاہتا ہوں کہ اس معاملہ میں آئندہ نرمی سے کام نہ لیا جائے۔ ہر جگہ کے تمام مقامی ارکان کو



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہفتہ وار اجتماع کی شرکت کا لازماً پابند ہونا چاہیے۔ جو رکن کسی وجہ سے شرکت نہ کر سکے وہ اپنی غیر حاضری کے لیے معقول عذر اپنے امیر کے سامنے پیش کرے۔ اگر کسی کی طرف سے غلط معذرت پیش ہوگی تو آخر حقیقت کھل ہی جائے گی۔ نیز جو رکن بلا عذر یا غیر اہم عذرات کی بنا پر مسلسل چار ہفتہ وار اجتماعات میں شریک نہ ہو، یا ایک طویل مدت تک بیچ بیچ میں اکثر ناغہ کرتا رہے تو اس کے متعلق سمجھ لیا جائے کہ وہ نظامِ جماعت کی پابندیوں کو برداشت کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔

ہفتہ وار مقامی اجتماع کے علاوہ، جہاں ایک ضلع میں یا قریب کے اضلاع میں متعدد ارکان موجود ہوں، وہاں باہمی صلاح مشورے سے وقت اور مقام کا تعین کر کے ہر دوسرے تیسرے مہینے اجتماعات منعقد ہوتے رہنے چاہییں جن کا پروگرام اُن ہدایات کی روشنی میں مرتب کر لیا جائے جو میں نے اجتماع دربھنگہ کے موقع پر ہفتہ وار اجتماعات کے لیے دی تھیں۔ خصوصیت کے ساتھ جن علاقوں کے بیشتر ارکان مختلف دیہات اور شہروں میں منفرد ہوں، وہاں تو اس طرح کے سہ ماہی یا دو ماہی اجتماعات بہت ضروری ہیں، کیونکہ اس کے بغیر یہ منتشر ارکان آخر کار ضائع ہو جائیں گے۔

علاوہ بریں اپنے آپ کو مرکز سے وابستہ رکھنے میں غفلت نہ برتیے۔ اس وابستگی کی مختلف صورتیں ہیں۔ مثلاً ایک صورت یہ ہے کہ خطوط کے ذریعہ سے مجھے ہر پہلو سے مقامی حالات اور کام کی رفتار کے متعلق واقفیت بہم پہنچاتے رہیے، مگر اس کا خیال رکھیے کہ چونکہ میرے پاس کوئی سیکرٹری ایٹ نہیں ہے اس لیے کثرت سے جواب طلب خطوط نہیں آنے چاہییں۔ بس اتنا کافی ہے کہ ہر دوسرے تیسرے مہینے کام کی رپورٹ مرکز میں پہنچتی رہے یعنی جماعت کس حال میں ہے، کہیں سستی کا دور دورہ تو شروع نہیں ہو گیا، کہیں نظامِ کار کی مشینری میں کوئی نقص تو نہیں پیدا ہو گیا، کہیں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کوئی داخلی یا خارجی فتنہ تو نہیں اُٹھ کھڑا ہوا۔ ایسے حالات میں اصلاحِ احوال کے لیے مرکز ہر ضروری امداد بہم پہنچائے گا۔ اگر قیّمِ جماعت کے فرائض ادا کرنے کے لیے مجھے کوئی مناسب آدمی مل گیا تو وہ دورہ کر کے مرکز کی طرف سے کام کی نگرانی بھی کرتا رہے گا۔ جب تک یہ صورت پیدا نہ ہو آپ لوگ خود آپس میں بھی مربوط رہیں اور وقتاً فوقتاً مرکز میں آکر چند روز بسر کرتے رہیں۔ آگے چل کر جب تربیتی مرکز قائم ہو گیا تو پھر مقامی جماعتوں کے امرا اور دوسرے سمجھدار ارکان یہاں آکر بہت زیادہ استفادہ کر سکیں گے۔

پکھور تھسلہ کی جماعت تعلیمِ بالغان کی جو اسکیم عمل میں لا رہی ہے وہ مجھے بہت پسند آئی ہے اور میں چاہتا ہوں کہ یہ کام ہر جگہ شروع ہو جانا چاہیے۔ اس سے ایک تو اللہ کی راہ میں باقاعدہ طور پر وقت کی قربانی کرنے کی عادت پڑے گی، دوسرے عوام سے آپ کا براہِ راست رابطہ ترقی کرے گا اور آپ ان سے بلا واسطہ خطاب کے مواقع حاصل کر لیں گے۔ نیز آپ تعلیم کو پھیلا کر اپنے لٹریچر کو پھیلانے اور اپنے پیغام کو فروغ دینے کے لیے بہت وسیع میدان تیار کر لیں گے۔ نہ صرف یہ بلکہ جو لوگ بھی آپ کی اس بلا معاوضہ خدمت سے فائدہ اٹھائیں گے وہ آپ کے اخلاق سے اتنے متأثر ہو جائیں گے کہ نہایت آسانی سے آپ کی بات ان کے دلوں میں اُتر جائے گی۔ اس کام کی اہمیت کا اندازہ آپ صرف اس بات سے کر سکتے ہیں کہ ہماری تحریک کے پھیلنے میں سب سے بڑی رکاوٹ اس ملک کے عوام کی جہالت ہے۔ دوسرے ممالک میں تعلیم کے عام ہونے کی وجہ سے یہ حال ہے کہ ایک کتاب ادھر پریس سے نکلی اور اُدھر لبا اوقات ایک ہفتہ میں پچاس لاکھ آدمیوں کے ہاتھوں میں پہنچ گئی۔ اس سے اندازہ کیجیے کہ خواندگی کی وجہ سے خیالات کے پھیلنے میں کتنی سرعت پیدا ہو جاتی ہے۔ بخلاف اس کے ہمیں اپنے نظریات کو لوگوں تک پہنچانے میں بہت دیر لگتی ہے، اور برسوں کی کوششوں کے باوجود آبادی کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ایک بہت ہی قلیل حصہ کو خیالات سے متاثر کیا جا سکتا ہے، اس رکاوٹ کو دور کرنے میں جہاں تک ممکن ہو ہمیں اپنی مساعی صرف کرنی چاہئیں میں یہ نہیں کہتا کہ ہر آدمی یہی کام کرے، نہیں صرف وہ رفقاء اس نازک کام کا بار اُٹھائیں جو تعلیمِ بالغان کے لیے ضروری صلاحیتیں رکھتے ہوں۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اس سلسلہ میں جو لٹریچر شائع کیا ہے اس سے فائدہ اُٹھایئے اور جہاں کہیں اس میں سمیّت پائی جاتی ہو اس سے بچتے ہوئے کام لیجیے۔ خصوصیت کے ساتھ تعلیمِ بالغان کا فن ان کے لٹریچر سے سیکھنے کی کوشش کیجیے۔ پھر جوں جوں آپ عملاً کام کرتے جائیں گے تجربات سے آپ کی صلاحیتیں چمکتی جائیں گی اور رفتارِ کار بڑھتی جائے گی۔ خدا کرے کہ آپ اپنے مقاصدِ حسنہ میں کامیاب ہوں۔

اس تقریر کے ساتھ آخری نشست ختم ہوگئی۔

---

**خاتمہ** آخری نشست کے ختم ہونے پر بیشتر لوگ سب سے پہلی گاڑی پر روانہ ہوگئے اور صرف وہ چند حضرات کچھ وقت کے لیے ٹھہر گئے جنہیں جناب امیر نے خود کسی ضروری مشورت کے لیے ٹھہرا لیا تھا یا جنہیں اپنے متعلق کچھ ہدایات حاصل کرنی تھیں۔

جہاں تک اجتماع کے مصارف کا تعلق ہے، ہمارے ہاں آرائش و تکلفات کے سلسلہ کے فضول مصارف سرے سے ہوتے ہی نہیں۔ رہیں ضروریاتِ قیام و طعام سو اُن پر بھی ناگزیر حد تک خرچ کیا گیا۔ ڈیڑھ سو افراد کے قیام اور شش وقتہ طعام و ناشتہ پر اس گرانی کے زمانہ میں ہماری لاگت چار سو روپیہ کے لگ بھگ ہی۔ یہ سارا بار جماعت کے محدود بیت المال پر ڈالا گیا تھا کیونکہ چندہ کی اپیلیں کرنا ہماری پالیسی کے خلاف ہے۔ مگر بغیر کسی اپیل کے شرکائے اجتماع نے محض اپنی فرض شناسی اور احساسِ ذمہ داری کے ماتحت اجتماع کے دنوں میں جو رقوم بیت المال

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں داخل کرائیں ان کا مجموعہ مصارفِ اجتماع سے بہت زیادہ تھا۔

**معذرت** جو حضرات ہمارے کام سے دلچسپی اور ہمدردی رکھتے ہیں یا اسے سمجھنے کے خواہشمند ہیں ان کی طرف سے یہ شکایت اور بجا شکایت کی گئی ہے کہ ہم نے اپنے اجتماعات میں زائرین (VISITORS) کو شرکت سے کیوں روک دیا۔ اس سلسلہ میں ہم اپنے خیراندیشوں سے معافی کے خواستگار ہیں۔ یقیناً ہم خود اس کی ضرورت محسوس کرتے ہیں کہ جو لوگ ہمارے کام کو سمجھنا چاہتے ہوں وہ ہمارے اجتماعات کی کارروائیوں کو ملاحظہ کریں۔ مگر مجبوری یہ درپیش تھی کہ دارالاسلام کی بستی مختصر سی چند عمارتوں پر مشتمل ہے اور اطراف و نواح میں کوئی دوسری بستی بھی موجود نہیں ہے۔ یہاں زیادہ مہمانوں کے لئے انتظام کرنا بہت مشکل تھا۔ ارکینِ جماعت کا معاملہ تو دوسرا ہے۔ وہ تو اپنے کام کے لیے آرہے تھے اور قیام و طعام کے سلسلہ کی ہر تکلیف کو بخوشی گوارا کرسکتے تھے۔ ان کے لیے نہ تو مزدور بن کر کام کرنے میں عار تھی، نہ بستر اپنے کندھوں پر اٹھا کر چلنے میں وہ تکلیف محسوس کرتے تھے، نہ بھوکا رہنا ان کے لیے گراں تھا اور نہ وہ کسی میزبان کی خدمت کے محتاج تھے۔ مگر ہماری غیرت اسے گوارا نہیں کرسکتی تھی کہ جماعت کے باہر کے لوگ یہاں آئیں اور انہیں کسی قسم کی تکلیف ہو۔ پھر یہ مشکلات دارالاسلام کے ساتھ ہی مخصوص نہیں، بلکہ دہلی اور حیدرآباد کے متعلق اجتماع کو بھی کوئی نہ کوئی انتظامی مشکل درپیش ہے کہیں راشن بندی کی وجہ سے اور کہیں کسی دوسری وجہ سے حالات کی رفتار بتاتی ہے کہ شاید اس قسم کی مشکلات دیر تک ہمارا پیچھا نہیں چھوڑیں گی۔ اس لیے ہم کچھ مدت تک کے لیے اپنے ہمدردوں سے پیشگی اور یکبارگی معذرت طلب کرتے ہیں۔

---



© rasailojaraid.com